فہرست مطالب

اردو مقالات

سید سبطِ حسن! نظریے اور ادب کی آمیزش/ حماد رسول، ڈاکٹر قاضی عابد ۵

کشف المحجوب میں مقامِ رضا/ ڈاکٹر افتخار احمد خان، ڈاکٹر غلام اکبر ۱۹

اُردو زبان کا فرانسیسی شاعر..... جارج فانتوم صاحبؔ/عبدالسعید ۲۹

کلام ہاشم شاہ کے اُردو تراجم/ ڈاکٹر ثمن زاہد ۳۵

فارسی مقالات

ترسیم تصوف و عرفان در آئینه تاریخ / ڈاکٹر محمد شریف ۵۳

حس آمیزی در شعر فارسی اقبال / ڈاکٹر محمد ناصر، محمد فرید ۶۷

تشخیص در غزلیات منیر لاهوری / ڈاکٹر سید محمد فرید، سائرہ عبدالقدوس ۷۹

تصویر های تشخیص در شعرِ کلیم کاشانی/ ڈاکٹر شاہدہ عالم ۸۷

عربی مقالہ

الفقه اسلامی تطوره وميزاته/ ڈاکٹر قمر علی زیدی، یاسر محمود ۹۵

الاسراء والمعراج للنّبى الكريم ﷺ في الشّعر العربى والأردى/ ڈاکٹر سلیم اسماعیل ۱۰۹

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 36, Sr.No.101, 2015, pp 05 - 18

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۶، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۱۵ء، شمارہ ۱۰۱

سید سبطِ حسن! نظریے اور ادب کی آمیزش

حماد رسول☆ ڈاکٹر قاضی عابد☆☆

Abstract:

Sibt-e-Hassan in most of his writings makes a synthesis of ideology and literary materialism. This article intends to trace this synthesis in his writing overall. Sibt-e-Hassan started his literary carrier by writings on the literary worth of old civilization specially the translation and introduction of the story of "Gilgamish" which is considered to be the very first story in the world like wise his other writings Naveed-e-Fikr, Pakistan main tehzeeb ka irtiqa, Sukhan dar Sukhan, Mosa sey Marx tak, Afkar-e-Taza, Pakistan key tehzeebi-o-siaysi masail, Shehr-e-Nigaran, The battle of Ideas, Marx aur Mashriq, Mugani-e-Atish Nafs: Sajjad Zaheer, Adab aur Roshan Khiali, Mazi kay mizar and Inqalab-e-Iran have been analyzed in the context. This article concludes the Sibt-e-Hassan was a writer who successfully made a synthesis of ideology by literature.

سید سبطِ حسن کا شمار ہمارے ملک کی ان چند نابغہ ہستیوں میں ہوتا ہے جنہوں نے صحافت، سیاست، ادب، تاریخ اور سماجی علوم کے ذیل میں نہایت گرانقدر خدمات سرانجام دیں۔ جنہیں کسی طور بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ سبطِ حسن اس عقلی ہیجان کے وارث تھے جس کا آغاز قندورسے، کبانے، دیدرو، ہولباخ، والٹیئر اور ماں تسکو سے ہوتا ہے مسلم تاریخ میں اس کا آغاز واصل بن العطاء (معتزلہ)، مصر میں محمد عبدہ، ترکی میں نامق کمال اور شام میں امیر شکیب ارسلان اور برصغیر پاک و ہند میں سر سید احمد خان کا نام ہمارے سامنے آتا ہے۔ روشن خیالی اور عقلیت پسندی کی اس روایت کو آگے بڑھانے میں سبطِ حسن کا ایک خاص کردار ہے۔ ترقی پسندی، روشن خیالی اور مارکسی فکر ان کی ذات کا حصہ تھی۔ ادب زندگی کا عکاس

☆ پی ایچ ڈی سکالر، شعبہ اُردو، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

☆☆ استاد شعبہ اُردو، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی، ملتان

وترجمان ہوتا ہے اور ترقی پسند تحریک کے زیر اثر شعراء اور ادباء نے نہایت گرانقدر ادب تخلیق کیا مگر کسی بھی فکری تحریک اور رجحان کو صرف تخلیقی ادب تک محدود نہیں کیا جا سکتا۔اس کی دوسری اور بھرپور جہت فکری تحرک کی ہوتی ہے۔کوئی بھی زندہ اور ہمہ گیر تحریک جو اپنے عصر کا گہرا شعور رکھتی ہے۔تہذیبی مسائل کو بھی زیر بحث لے کر آتی ہے جس میں تاریخ، فلسفہ، الٰہیات، سماجیات اور دیگر جملہ علوم وفنون شامل ہیں۔

سبطِ حسن نے نہایت نامساعد حالات میں مسائل زندگی کو اپنی گفتگو اور مطالعہ کا موضوع بنایا اور ان مسائل زیست کی تفہیم وتعبیر کیلئے عقلیت پسندی اور سائنسی طرزِ فکر کو اختیار کیا۔ سبطِ حسن ایک کمٹیڈ مارکسسٹ تھے اور یہی وابستگی اور کمٹمنٹ تھی کہ انہوں نے تاریخ، تہذیب، عقائد، ادب، افکار ونظریات اور سماج کے مطالعہ کیلئے مارکسی نقطۂ نظر اختیار کیا ہے۔ سبطِ حسن کی شخصیت کے کئی پہلو ہیں جن میں صحافت، سیاست، ادیب، مورخ، ماہرِ سماجیات و بشریات شامل ہیں اور ان میں سے ہر جہت میں سبطِ حسن نے نمایاں کام کیا ہے جو کہ ایک مثال کی حیثیت رکھتا ہے۔

سبطِ حسن کی خدمات کی کئی جہات ہیں اور ان میں ہر ایک جہت اپنی جگہ ایک مکمل باب کی حیثیت رکھتی ہے لیکن ہم انہیں تین بنیادی جہات میں تقسیم کرتے ہوئے ان کی شخصیت اور خدمات کا جائزہ لیں گے ان کی خدمات کی پہلی جہت بطور سیاسی کارکن کے ہمارے سامنے آتی ہے۔اپنی اس حیثیت میں سبطِ حسن نے قیام پاکستان سے قبل اور اس کے بعد بھی انقلابی عناصر کے شانہ بشانہ بےلوث کام کیا۔ مارکسی فکر سے وابستگی اور مارکسی نصب العین سبطِ حسن کیلئے زندگی کا نمایاں مقصد تھا۔ سبطِ حسن نے پوری زندگی انسانیت کی فلاح کیلئے کام کرتے ہوئے بسر کی۔انڈین کمیونسٹ پارٹی کے کارکن کی حیثیت سے ہر محاظ پر سبطِ حسن برسرِ پیکار دکھائی دیتے ہیں۔ قیام پاکستان سے قبل یہی لوگ تھے جو کہ رائے عامہ کو پاکستان کے حق میں ہموار کرنے کیلئے فکری سطح پر کام کر رہے تھے اور ذہن سازی کیلئے ایسا لٹریچر شائع کر کے تقسیم کر رہے تھے جس سے منزل کا حصول آسان ہو سکے۔ان کاموں کو سرانجام دینے کیلئے کارکن کتنے جوکھم اٹھا رہے تھے اس کا اندازہ باہر سے لگانا مشکل ہے۔پارٹی کے جلسوں میں پارٹی ارکان اور رہنما ہندوؤں کے علاقوں میں جا جا کر مسلمانوں کے حق میں اور اُن کے حق خودارادیت کے حوالہ سے رائے عامہ کو ہموار کیا کرتے تھے۔ان میں موہن کمار منگلم، این کے کرشنن اور بی ٹی رام وغیرہ ان جلسوں میں پاکستان کے حق میں تقاریر کیا کرتے تھے۔

''صاحب پارٹی کے باقاعدہ جلسے ہوا کرتے تھے مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ ان جلسوں میں موہن کمار منگلم، این کے کرشنن، بی ٹی رام وغیرہ تقریریں کیا کرتے تھے پاکستان کی حمایت میں ہندوؤں کے

علاقوں میں ہندوؤں کو سمجھایا کرتے تھے کہ مسلمانوں کے حق خودارادیت کے کیا معنی ہیں اور مسلم لیگ کی تاریخ کیا ہے۔ یہ کام کرتے تھے کمیونسٹ پارٹی کے رہنما اور کارکن۔اس کا صلہ کیا ملا؟ یہ کہ جب پاکستان میں ہم نے ''انقلاب چین زندہ باد'' کے عنوان سے پہلا پمفلٹ چھاپا، ویسے تو مجھے کہتے ہوئے شرم آتی ہے تو خیر یہ سولہ صفحات کا پمفلٹ میں نے لکھا تھا جب چین کی سرخ فوجیں آگے بڑھ رہی تھیں تو جناب اس پر پابندی لگادی گئی عجیب بات ہے نا کہ جس چین کے ساتھ آج ہمارے حکمران دوستی کے گیت گاتے نہیں تھکتے ۱۹۴۸ء میں اس کی حمایت میں لکھے جانے والے پمفلٹ پر جس میں پاکستان کا ذکر تک نہیں تھا، پابندی لگادی گئی تھی''۔[۱]

یہ سبطِ حسن اور ان کے ساتھی ہی تھے جنہوں نے سب سے پہلے پاکستان کے حق میں کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے پلیٹ فارم سے قرارداد منظور کی تھی اور مسلم لیگ کو ترقی پسند قومی جماعت قرار دیا گیا۔ اس قرارداد کو منظور کروانے میں سید سجاد ظہیر کے علاوہ سبط حسن نے نمایاں کردار ادا کیا تھا اور یہ سب ایک ایسے کٹھن مرحلہ میں ہورہا تھا جب پاکستان کی تحریک کا ساتھ دینے والا کوئی نہ تھا۔ پارٹی نے اپنے اخبارات میں نہایت اصولی مؤقف کے ساتھ پاکستان کے حق میں لکھا کہ ایسی توفیق مسلم لیگ کے رہنماؤں کو نہ ہوئی تھی۔بعض رہنما تو حق خودارادیت کے مفہوم سے بھی واقف نہ تھے۔ پارٹی کے کارکن اخبار بیچنے کیلئے جاتے تھے تو انہیں پیٹا جاتا تھا اور وہ بھی اس بری طرح کہ وہ لہولہان ہوکر واپس آتے تھے ان کا قصور یہ تھا کہ وہ پاکستان کے حق میں بات کرتے تھے۔لیکن جواب میں جو رویہ پارٹی اور پارٹی کارکنان کے ساتھ رکھا گیا وہ نہایت شرمناک ہے قیام پاکستان کے فوری بعد ہی اس پارٹی پر یعنی کمیونسٹوں پر تشدد کا آغاز کردیا گیا اور سجاد ظہیر کو پاکستان نہ آنے دیا گیا۔ سبط حسن اس حوالہ سے علی احمد فاطمی کو انٹرویو دیتے ہوئے کہتے ہیں:

''بھئی یہ آپ نے کس چیز کا ذکر چھیڑا ہے اور کہاں پر۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ پاکستان میں اس وقت پارٹی کی توقیر ہوتی جس نے ایسے وقت میں پاکستان کی تحریک کا ساتھ دیا جب اس کا کوئی پوچھنے والا نہیں تھا، کوئی نام لیوا نہیں تھا ہم نے جس طرح سے اپنے اخباروں میں اس تحریک کی تائید میں لکھا اور جس اصولی طور پر پیش کیا اس کی تو مسلم لیگی لیڈر کو بھی توفیق نہ تھی انہیں حق خودارادیت کا معلوم ہی نہیں تھا کہ کیا چیز ہوتی ہے۔ یقین مانیے کہ مسٹر جناح ہمارے اخبار پیپلز وار میں خود نشان لگایا کرتے تھے مضامین میں۔ہم اپنا اخبار ہر ہفتے خود بیچتے تھے سڑکوں پر گلیوں میں تو ہمارے ہندو کارکن محلوں میں اخبار بیچنے جاتے تھے، لہولہان ہوکر واپس آتے تھے انہیں پیٹا جاتا تھا۔ان سے پرچے چھین کر جلا دیے جاتے

تھے کیونکہ وہ بے چارے ہندو علاقوں میں جا کر پاکستان کی بات کرتے تھے یہ تو ہمارا سلوک تھا تحریک پاکستان سے، اور آپ نے پاکستان بننے کے بعد جو کچھ ہمارے ساتھ کیا وہ ہم ہی جانتے ہیں کون سا تشدد ہے جو کمیونسٹ پارٹی کے کارکنوں پر نہیں کیا گیا۔ بجائے اس کے آپ کبھی جھوٹے منھ سے ہی ہمارا شکریہ ادا ادا کرتے کہ اس پارٹی نے انتہائی نامساعد حالات میں بڑی اخلاقی جرأت کے ساتھ ہماری حمایت کی، آپ کی زبان سے تعریف کا ایک لفظ بھی نہ نکلا ۱۹۴۷ء کے بعد ہی سے کمیونسٹوں پر تشدد شروع کر دیا گیا''۔[۲]

سبطِ حسن کہتے ہیں کہ ہماری پارٹی کا یہ ماننا تھا کہ مسلمان تحریک جو کہ اپنا حق خود ارادیت کا لازمی حق رکھتی ہے کو اس کا اختیار دینا چاہیے اور یہی نظریاتی اور اصولی موقف تھا جو کہ ہم نے اختیار کیا ہوا تھا اور ہمارا نعرہ آزاد ہندوستان میں آزاد پاکستان تھا۔ یہ سب کام ایک سیاسی کارکن کی حیثیت سے سبط اور ان کے پارٹی اراکین سرانجام دے رہے تھے۔ کانگریس اور نیشنلٹ تحریک کے خلاف جا کر یہ لوگ پاکستان کے حق میں آواز اٹھا رہے تھے جو کہ مخالفین کو پسند نہ تھا۔ اس جرم کی پاداش میں کمیونسٹ پارٹی کے دفتر پر حملہ کیا گیا سبط حسن بھی حملہ کے وقت دفتر میں موجود تھے اس حملہ کی روداد سبط حسن یوں بیان کرتے ہیں:

''آپ کو تو معلوم نہیں کہ کمیونسٹ پارٹی کے دفتر پر زبردست حملہ ہوا تھا میں خود وہاں موجود تھا ہمارا دفتر بمبئی میں کھیتی واڑی میں تھا۔ پاٹل کا جلسہ چوپاٹی پر تھا پاٹل ہزاروں لوگوں کو ہمارے خلاف مشتعل کر کے لے آیا اور پارٹی دفتر کو پوری طرح گھیر لیا۔ نیچے ہماری کتابوں کی دکان تھی اس کو آگ لگا دی جب وہ آگ لگائی گئی تو اس وقت پارٹی ہیڈ کوارٹر میں چار پانچ بچے تھے کامریڈوں کے، ان کی بیویاں تھیں اور ہم لوگ تھے ہمارے پاس مقابلے کے لیے کچھ بھی نہیں تھا ہمیں کیا معلوم تھا کہ حملہ ہوگا اتفاق ایسا ہوا کہ انھی دنوں پارٹی ہیڈ کوارٹر میں مرمت کا کام ہونے والا تھا اس مقصد کے لیے وہاں کچھ اینٹیں وغیرہ پڑی ہوئی تھیں۔ ہم اینٹیں توڑتے اور باہر نکل کر حملہ آور کا مقابلہ کرتے رہے وہ دو طرف سے حملہ آور تھے ہم لوگ سخت زخمی ہوئے انہوں نے ہمارا ٹیلی فون بھی کاٹ دیا تھا۔ کوئی مدد کرنے والا نہیں تھا حملہ آور سمجھ رہے تھے کہ دفتر میں ہمارے خاصے آدمی ہیں اس لیے وہ مکمل طور پر دھاوا بولتے ہوئے ڈرتے تھے۔ ہمارے قریب ترین مسلمان مزدوروں کی بستی تھی مدنپورہ۔ ہمارے دو چار آدمی چھپ چھپا کر وہاں پہنچے اور وہ لوگ ہماری مدد کو آئے پھر تھوڑی دیر بعد پریل سے بھی مزدور آ گئے۔ مدد آئی تو حملہ آور بھاگ نکلے جو کچھ پاکستان کے لیے ہم نے کیا اور اس کا جو اجر ہمیں دیا گیا اس کے بارے میں سوچ کر شدید دکھ ہوتا ہے''۔[۳]

قیام پاکستان کے بعد بھی سبط حسن نے پارٹی سے وابستہ رہتے ہوئے اور پارٹی منشور کے مطابق پاکستان کی مزدور فیڈ ریشنوں کیلئے نہایت قابل قدر خدمات سرانجام دیں اوران قوتوں کے ساتھ مل کر جو کہ محنت کش طبقہ پر مشتمل ہیں ہر آمرانہ قوت کے خلاف علم بغاوت بلند کیا۔

ایوب خان کے مارشل لاء میں پروگریسو پیپرز لمٹیڈ کو بھی باعث عتاب ٹھہراتے ہوئے اس پر پابندی لگا دی گئی ،اس کے اخبار اور رسائل کو بھی قومی تحویل میں لے لیا گیا اور سبط حسن کو اس جرم میں جیل جانا پڑا۔اس سے قبل پنڈی سازش کیس ۱۹۵۱ء میں ترقی پسند سیاسی کارکنوں،صحافیوں اورادیبوں کو گرفتار کیا گیا تو سبط حسن کو بھی گرفتار کرلیا گیا۔لیکن سبط حسن کے نظریات میں کوئی تبدیلی نہ آئی اور نہ ہی ان کے سیاسی جذبۂ عمل میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی۔

۱۹۵۸ء کے مارشل لاء کے نتیجہ میں ملک بھر میں سیاسی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی۔سیاسی جماعتوں کو کالعدم قرار دے دیا گیا۔سیاسی رہنماؤں کو گرفتار کیا جانے لگا اور جو آزادی لوگوں کو حاصل تھی وہ اس سے بھی محروم کر دیئے گئے۔لیکن سبط حسن نے جیل سے رہائی کے بعد اپنی سیاسی سرگرمیوں کا رخ تبدیل کیا اور انڈر گراؤنڈ رہتے ہوئے پاکستان کے حالات کا سیاسی تجزیہ عوام کے سامنے لے کر آتے رہے اس کے لیے وہ فرضی نام استعمال کرتے تھے۔یا کسی اور کے نام سے اپنی تحریر شائع کرتے تھے۔''پاکستان کے تہذیبی و سیاسی مسائل'' جو کہ سبط حسن کے لکھے ہوئے اداریوں پر مشتمل ہے میں پاکستان کی سیاسی اقتصادی اور نظریاتی صورتحال پر نہایت بلیغ اور چشم کشا تحریریں ہیں۔سیاسی اعتبار سے سبط حسن نے اپنے نظریہ کی پاسداری کرتے ہوئے اور نظریہ کی روشنی میں اپنے خیالات وافکار کو عوام تک منتقل کیا ہے۔یہ سیاسی اور علمی ورثہ بلا شبہ کسی سرمائے سے کم نہیں ہے اور بعض تحریریں تو ایسی ہیں جو کہ آج کے زمانہ میں بھی غیر متعلق نہیں ہیں اور آج بھی راہنمائی کا باعث ہوسکتی ہیں۔

سبط حسن کی دوسری جہت ایک صحافی کی ہے۔صحافت کے میدان میں بھی ان کی خدمات نہایت گرانقدر ہیں۔اپنے زمانۂ طالب علمی میں ہی سبط حسن نے چند ساتھیوں کے ساتھ مل کر لکھنؤ سے ''پیام'' کے نام سے ماہنامہ نکالا تھا اوراس کے بعد علی سردار جعفری اور مجاز کے ساتھ مل کر ''نیا ادب'' کا اجراء بھی کیا تھا۔

مولوی عبدالحق کے کہنے پر سبط حسن حیدرآباد میں قاضی عبدالغفار کے پاس چلے گئے جہاں سے انہوں نے قاضی عبدالغفار کے ہفت روزہ ''پیام'' میں اپنی خدمات سرانجام دیں اور پیام کے ذریعہ سے لوگوں میں شعور وآگہی پیدا کرنے میں اپنا حصہ ملایا۔''پیام'' کے بعد سبط حسن سید سجاد ظہیر کے کہنے پر پارٹی کے رسالے ''قومی جنگ'' کیلئے اپنی خدمات سرانجام دینے لگے اوراب سبط حسن نے پارٹی کو مکمل طور پر یعنی

کل وقتی کارکن کے طور پر اختیار کر لیا تھا۔ پارٹی رسائل میں سبط حسن نے نہایت فکر انگیز تحریریں لکھیں جو کہ پارٹی کے منشور کو عوام تک پہنچانے کا وسیلہ تھیں۔

میاں افتخار الدین جو کہ پروگریسو پیپرز لمیٹڈ کے مالک تھے نے جب لیل و نہار کے اجراء کا فیصلہ کیا تو سبط حسن کو اس کا ایڈیٹر بنا دیا گیا۔ لیل و نہار کا اجراء دوبار ہوا اور دوبار ہی اس پر پابندی عائد کی گئی۔ سبط حسن لیل و نہار میں صرف دو سال تک رہے۔

> ''لیل و نہار کا پہلا پرچہ ۲۰ جنوری ۵۷ء کو شائع ہوا تھا۔ مجھے یاد ہے کہ نومبر ۵۶ء میں اس پرچے کی ادارت میرے سپرد کرتے وقت میاں صاحب مرحوم نے کہا تھا کہ میں اس پرچے کو الہلال اور ہمدرد کی مانند ایک یادگار پرچہ بنانا چاہتا ہوں اور میں نے عرض کیا تھا کہ آپ کو الہلال اور ہمدرد کا انجام شاید یاد نہیں اور میاں صاحب نے فرمایا تھا کہ سب یاد ہے لیکن میں اور تم دونوں جیل کے عادی ہیں پھر ڈر کس بات کا''۔[۴]

سبط حسن صحافت کی اس روایت کے امین تھے۔ جو کہ اصولی صحافت اور اعلیٰ نصب العین کی صحافت تھی۔ منافع خوری اور مفاد پرستی کی صحافت کا انداز ان کے ہاں نہیں تھا۔ قید و بند کی سختیاں اور صحافتی پابندیاں بھی سبط حسن کا راستہ نہ روک سکیں۔ لیل و نہار کے اداریوں کے ذریعہ سے سبط حسن نے پاکستان کے جن سیاسی، سماجی اور معاشی و اقتصادی معاملات پر قلم اٹھایا ہے وہ ایک مکمل تھیسیز کی حیثیت رکھتے ہیں لیل و نہار کی پہلی اشاعت کی پذیرائی توقع سے بڑھ کر ہوئی تھی۔ سبط حسن کے اپنے الفاظ ہیں:

> ''لیل و نہار شائع ہوا تو قارئین نے اس کی توقع سے بڑھ کر پذیرائی کی۔ مقبولیت کا یہ عالم تھا کہ بعض اوقات پرانے پرچے ڈیڑھ روپے دو روپے میں خریدتے تھے (لیل و نہار کے ایک شمارے کی قیمت آٹھ آنے تھی) مئی ۱۹۵۷ء میں جنگِ آزادی نمبر شائع ہوا تو سارے ملک میں دھوم مچ گئی اور پریس کو ایک ہفتے کے اندر چار ایڈیشن چھاپنے پڑے پھر بھی مانگ پوری نہ ہوئی''۔[۵]

سبط حسن کے خیال میں مقبولیت کی وجہ لیل و نہار کا حسن ترتیب نہ تھا بلکہ اس کے مندرجات تھے جن میں عوام کے جذبات و احساسات کی ترجمانی کی جاتی تھی۔ ۱۹۷۰ء میں سبط حسن نے لیل و نہار کی صحافتی پالیسی اور جدوجہد کے حوالہ سے لکھا۔

> ''پروگریسو پیپرز کے دوسرے پرچوں، پاکستان ٹائمز اور امروز کی مانند لیل و نہار کی بھی آرزو تھی کہ پاکستان ایک فلاحی ریاست بنے اور یہاں حقیقی معنوں میں جمہوری حکومت قائم ہو۔ وہ چاہتا تھا کہ پاکستان امریکہ کی معاشی فوجی اور سیاسی گرفت سے آزاد ہو کر ایک باعزت ملک کی حیثیت سے ترقی

کرے اور سیٹو اور سنٹو کے فوجی معاہدوں سے گلوخلاصی پائے۔ وہ چاہتا تھا کہ ملک میں جمہوری اقدار کو فروغ ہو اور سرمایہ اداروں اور جاگیرداروں اور سرکاری افسروں کا جو امریکہ کے وظیفہ خوار تھے زور ٹوٹے۔ اسمبلیوں کے انتخابات ہوں اور ان میں عوام کے چنے ہوئے نمائندے شریک ہو کر زمامِ اختیار اپنے ہاتھوں میں لیں۔ اسی بناء پر ارباب اقتدار ان پرچوں پر اور ان کے روح رواں میاں افتخار الدین پر ملک کا دشمن، روس اور چین کا ایجنٹ اور اسی قسم کے دوسرے بے بنیاد الزامات لگاتے تھے۔ مگر خود زمانے نے بتا دیا کہ میاں صاحب اور ان کے اخباروں کا موقف درست تھا یا ان بزرگوں کا جو ہماری مخالفت کرتے تھے۔ آج ملک کے سبھی اخبار و جرائد وہی باتیں کہہ رہے ہیں جو ہم اب سے دس برس پہلے کہتے تھے اور موردالزام ٹھہرتے تھے''۔[۶]

لیل و نہار کے بعد سبط حسن ڈان اور ہفت روزہ ''ویو پوائنٹ'' میں وقتاً فوقتاً مضامین لکھتے رہے۔ یہ تمام تحریریں پاکستان کے تہذیبی مسائل کے حوالہ سے تھیں جو کہ نہایت وقیع اور چشم کشا ہیں۔ سبط حسن کی صحافیانہ عظمت کا اعتراف غیر ملکی صحافیوں نے بھی کیا اور سبط حسن کے احترام میں اپنی تحریریں اخبارات میں دینے سے انکار کر دیا یہ احتجاج اصل میں خراج کی ایک صورت تھا۔ وولفروم کرنوسکی اس حوالے سے لکھتے ہیں:

''اس وقت وہ دنیا کے مشہور اخبار "New Age" کے نمائندے کے طور پر کام کرنے کے باعث اقوام متحدہ میں بھی عزت کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ یہ وہی زمانہ تھا جب بین الاقوامی اشتراکیت کے خلاف میکارتھی اور اس کے ساتھی تحریک چلا رہے تھے۔ اس لیے سبطِ حسن بھی نشانہ بنے اور امریکی اربابِ اختیار نے ان کو ملک سے نکال دیا۔ سبطِ حسن کے ملک بدر کیے جانے کے دوسرے دن امریکا کے سربرآوردہ صحافیوں نے اخبار سے احتجاج کیا اور سبطِ حسن کے احترام میں اپنے مضامین دینے سے انکار کر دیا تھا جو ان کے لیے امریکی ساتھیوں کے احترام کا منھ بولتا ثبوت تھا''۔[۷]

سبط حسن کی شخصیت کا تیسرا اور اہم پہلو ایک صاحب نظر ادیب اور مارکسی دانشور کا ہے۔ ایک ادیب کی حیثیت سے بھی سبطِ حسن نے اپنے نظریات کو اپنے لئے مشعل راہ بنایا ہے۔ سبط حسن وسیع المطالعہ انسان تھے۔ اقتصادیات، عمرانیات، بشریات، سیاسیات اور تاریخ کا بھی گہرا مطالعہ کر رکھا تھا۔ جس کی بنا پر ان کی تحریروں وسعت اور گہرائی پیدا ہو گئی تھی۔ علم بشریات کے مطالعہ کی وجہ سے سبط حسن انسانوں کی تہذیب و تمدن کا مطالعہ اسی علم کی روشنی میں کرتے ہیں۔

اُن کی تصنیف 'ماضی کے مزار' اس علم بشریات پر بنیاد کرتی ہے اور جہاں بھی انہوں نے سماجی موضوعات پر قلم اٹھایا ہے انسان کی ارتقائی تاریخ کو پیش نظر رکھ کر اٹھایا ہے۔ دنیا کی اقوام کے بارے میں

ان کی معلومات حیران کن ہیں اور یہ سب ان کی سیاحت اور سماجی علوم سے دلچسپی کی وجہ سے ہے۔ اقوامِ عالم کی تہذیبی صورت کو جاننے کیلئے اُنہوں نے سیاحت سمیت ہر ممکن ذریعہ اختیار کیا۔ کسی بھی قوم یا تہذیب کو جاننے کیلئے ضروری ہے کہ آپ اس کے آلاتِ پیداوار اور اوزاروں سے واقفیت حاصل کریں کیونکہ یہی دو چیزیں بتاتی ہیں کہ اس قوم میں تہذیب تمدن پائی جاتی تھیں یا ہیں اس حوالہ سے سبط حسن کھنڈرات تاریخی مقامات اور نوادرات پر خصوصی توجہ دیتے تھے۔ سماجی علوم کے ان متنوع موضوعات کا مطالعہ سبطِ حسن نے مارکسی فکر کی روشنی میں کیا اور حاصل کردہ نتائج کو بھی اس فکر کی روشنی میں مربوط کر کے نہایت ایمانداری کے ساتھ عوام کے ساتھ رکھا۔

مارکسزم کسی بھی شئے کے مطالعہ کیلئے سائنسی طرز فکر کو اختیار کرنے پر زور دیتا ہے کیونکہ اس طرز فکر کے ساتھ انسان صحیح اور درست نتائج تک پہنچ سکتا ہے۔ وگرنہ جذباتی طرز فکر گمراہ کن نتائج سامنے لے کر آتی ہے جو قوموں کے زوال کا سبب بنتے ہیں تاریخی مادیت کی روشنی میں افکار و نظریات کا جائزہ مارکسزم کا میدان ہے اور سبط حسن اس پیمانے سے بخوبی واقف ہیں وہ تجزیہ کرتے ہوئے ماضی اور حال کی درمیانی تاریخ کو پیش نظر رکھتے ہیں اور یہی ان کا ایک بڑا کارنامہ ہے۔ ایک اہم بات جو کہ ذہن نشین رہنا ضروری ہے کہ سبط حسن نے اپنی تمام تصانیف بہ زبانِ اُردو تحریر کی ہیں ماسوائے ایک کتاب The battle of ideas in Pakistan کے۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ سبط حسن نے اپنی بقیہ تمام تصانیف کو بھی انگریزی زبان میں کیوں نہ تخلیق کیا۔ حالانکہ اس انگریزی کتاب کی زبان سے سبط حسن کی زبان دانی کا اعتراف کرنا پڑتا ہے۔ اس سوال کا جواب ہر گز مشکل نہیں ہے اگر ہم سبط حسن کی زندگی اور افکار و نظریات پر ایک نگاہ ڈال لیں، گو کہ سبطِ حسن کا تعلق ایک زمیندار گھرانے سے تھا۔ مگر سوشلزم سے وابستگی نے انہیں ہر چیز چھوڑنے پر مجبور کر دیا۔ سوشلزم اس بات پر زور دیتا ہے کہ انسان کی ذات سے زیادہ اہم دوسروں کی ذات ہے پرولتاریہ کا حق آپ پر زیادہ ہے اور سماج میں موجود طبقاتی تقسیم خواہ کسی صورت میں بھی ہو قابل قبول نہیں ہے۔ اور چونکہ سبط حسن نے اپنی تمام زندگی عوام کیلئے وقف کر رکھی تھی اس لیے اُن کی تحریریں بھی عوام کیلئے اور عوام کی زبان میں تھیں۔

مارکسی فکر سبط حسن کے ہاں بنیادی اہمیت کی حامل ہے اور یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اپنی کتاب ''ماضی کے مزار'' میں دجلہ و فرات کی تہذیب کا جائزہ مارکسزم کے اصولوں کی روشنی میں لیا ہے۔ وہ تہذیب جو کہ ہزاروں سال ہوئے امتدادِ زمانہ کے ہاتھوں نابود ہو کر زیرِ زمین چلی گئی اور جس کی باقیات اب کھنڈرات کی صورت میں ہمارے سامنے ہیں اپنے عہد کی کہانی سنا رہے ہیں۔ اس کتاب میں سبط حسن نے بنیادی طور پر مختلف تہذیبوں میں پائے جانے والے عقیدۂ تخلیق کو مارکسزم کے اصولوں کی روشنی میں

بیان کیا ہے اور وہ اصول یہ ہے کہ زندگی شعور سے جنم نہیں لیتی بلکہ شعور زندگی سے جنم لیتا ہے۔ یعنی مادہ کو شعور پر فوقیت حاصل ہے۔ پس اس لئے سبطِ حسن نے عقیدۂ تخلیق کا کھوج لگانے کیلئے ان کے مادی حالات کو بنیاد بنایا ہے۔ سبطِ حسن کا ماننا ہے کہ آلات واوزار ہی کسی تہذیب کے بارے میں جاننے کا بہترین وسیلہ ہو سکتے ہیں۔

تخلیق کائنات کا سلبی عقیدہ زیادہ قدیم ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ ابتدائی انسان کو تخلیق کا شعور عمل افزائش اور پیدائش کے ذریعہ سے ہی ہوا تھا۔ جانوروں کے ہاں بچوں کی پیدائش اور بعدازاں عورت کے ہاں بچے کی پیدائش نے اس کے عقیدہ تخلیق کو وضع اس حوالہ سے عورت کی اہمیت وضع ہوئی اور اسے تخلیق کا منبع سمجھا گیا اور عورت کو پیداوار کی دیوی قرار دیا گیا کیونکہ انسان دیکھتا تھا کہ وہ افزائش کرتی ہے، کائنات کی تخلیق کا دوسرا رشتہ جدلی رشتہ ہے جو کہ آویزش پر انحصار کرتا ہے۔ یہ خیال سماج میں اس وقت پیدا ہوا جب وہ طبقات میں تقسیم ہو گیا اور جنگ وجدل اور آویزشوں کا شکار ہو گیا۔ لیکن ابتدائی مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ اس عہد کا انسان فکری اعتبار سے جمود کا شکار تھا۔ جس کی وجہ سے سبطِ حسن کے خیال میں یہ ہے۔

''بظاہر یہ بڑی حیرت انگیز بات معلوم ہوتی ہے لیکن وادیٔ دجلہ وفرات کے لوگوں کے خیالات میں اس پورے دور میں درحقیقت بہت کم تبدیلیاں نظر آتی ہیں۔ یہ دُرست ہے کہ اس مدت میں وہاں بار بار سیاسی تغیرات رُونما ہوئے۔ کبھی سلطنتِ بابل کا پرچم اقتدار بلند ہوا۔ کبھی کسدیوں اور ایرانیوں کی یلغار کا شور مچا اور کبھی شور کی فتوحات کا غلغلہ اُٹھا۔ لیکن معاشرے کے ڈھانچے میں کوئی فرق نہ آیا بلکہ پُرانے طبقاتی رشتے اُسی جگہ بدستور قائم رہے۔ چنانچہ مندر کے پروہتوں کا تسلط ہو یا نظم ونسق کے اصول، زراعت کے طریقے ہوں یا صنعت وحرفت کے انداز جو شرد قین اور حمورابی کے عہد میں تھے وہی اشور بنی پال اور بخت نصر کے زمانے میں بھی رائج رہے۔ بہت ہوا تو سومیریوں کے الو دیوتا کی جگہ بابل کے مُردک کو مل گئی یا اُلو کا نام شمس ہو گیا ورنہ پرانے رسوم ورواج اور طرز زندگی میں کوئی بنیادی فرق نہیں آیا۔ اور فرق آنا ممکن بھی نہ تھا کیونکہ کسی معاشرے کے طرز زندگی اور فکری اسلوب میں تبدیلیاں اُسی وقت پیدا ہوتی ہیں جب معاشرے کا وجود ان تبدیلیوں کا متقاضی ہو اور معاشرے کا وجود اُسی وقت تبدیلیوں کا تقاضا کرتا ہے جب پیداوار کے پُرانے رشتے معاشرے کے ترقی کی راہ میں حائل ہونے لگیں تب نئے اور پرانے خیالات آپس میں ٹکراتے ہیں۔ فرسودہ رشتوں اور فکروں کی مخالفت شروع ہوتی ہے اور نئے افکار ونظریات پیش کئے جاتے ہیں وادیٔ دجلہ وفرات کے لوگوں کو تقریباً دو ہزار برس تک عناصر پیداوار یا پیداواری رشتوں کو بدلنے کی ضرورت محسوس نہ ہوئی۔ وہی کانسی کے آلاتِ پیداوار اور آلاتِ جنگ جو

شہری ریاستوں کے ابتدائی زمانے میں استعمال ہوتے تھے چھٹی صدی قبل مسیح میں ایرانیوں کے غلبہ کے وقت بھی رائج تھے نہ معاشرے کی بنیادی ساخت بدلی اور نہ خیالات اور عقائد کی دنیا میں کوئی ہلچل پیدا ہوئی یہی وجہ ہے کہ عراق کی سرزمین سے زرتشت، مانی یا مزدک کی مانند کوئی انقلابی شخصیت کبھی نہ اُبھری اور کوئی ایسی سماجی تحریک پیدا ہوئی جو پرانے توہمات اور عقائد کے خلاف احتجاج کی آواز بلند کرتی ہے''۔[۸]

''موسیٰ سے مارکس تک'' میں سبطِ حسن نے سوشلزم کی تاریخ کو بیان کیا ہے۔ ابتدائی ابواب میں سبطِ حسن نے قدیم اشتراکیت کے تصور پر روشنی ڈالی ہے۔ اور اس تصور کی روشنی میں لوگوں کی طرزِ بود و باش اور نظامِ حیات کا مطالعہ کیا ہے۔ اس کے بعد کے ابواب میں جدید اقتصادی رویوں کا جائزہ لیا گیا ہے اور آخر میں مارکسزم اور اینگلز کے اشتراکی نظریات کا جائزہ بالتفصیل لیا گیا ہے۔

سبطِ حسن کی اس کتاب پر سب زیادہ اعتراضات کئے گئے اور اس کے نام ہی سے ایک مغالطہ نے جنم لے لیا جو کہ مبنی بر جہالت تھا۔ اس کتاب میں سبطِ حسن نے سوشلزم اور مارکسزم کی فکر کا جائزہ ایک ارتقائی صورت میں لیتے ہوئے یہ بتانے کی کوشش کی ہے کہ سماج میں کچھ قوانین ازل سے عمل پیرا ہیں جو کہ اقتصادی ہیں اور ہر سماج کی اقتصادی قوتیں اپنی عمل کاری دکھاتی ہیں جس کے ذریعہ سے سماج طبقات ہی تقسیم ہو جاتا ہے اور جس کے نتیجہ میں امیر و غریب یا طاقتور اور کمزور طبقہ پیدا ہوتا ہے اور سماج میں بغاوت کے اسباب پیدا ہو جاتے ہیں۔

مارکس اور اینگلز کے نظریات کے بیان سے سبطِ حسن نے ان افکار و نظریات کو بیان کیا ہے جو کہ سماجی مطالعہ کیلئے ضروری ہیں۔ مارکس کہتا ہے کہ سماجی انقلاب فکری انقلاب کے بغیر وقوع پذیر نہیں ہوتا ہے اور یہ کہ ذرائع پیداوار پر کسی ایک طبقہ کا کنٹرول سماج میں غیر مساویانہ صورت پیدا کر دیتا ہے جو کہ سماج میں ابتری کا باعث بنتی ہے۔

''پاکستان میں تہذیب کے ارتقاء'' میں سبطِ حسن نے تہذیب کی تعریف اور اس کی تشکیلی عناصر کے بیان کے ساتھ ساتھ ایک ارتقائی صورت میں پاکستان میں تہذیب کے آغاز کا سراغ لگانے کی کوشش کی ہے اور اس مارکسی نظریہ فکر کی روشنی تاریخی مادیت کو بنیاد بناتے ہوئے پاکستان میں تہذیب کے مطالعہ کا آغاز وادیٔ سندھ کی تہذیب سے کرتے ہیں اور اُن عوامل پر جو کہ آریائی، دڑاوڑی، عربی، ایران اور ترک تہذیبوں اور حملہ آوروں کی صورت میں مرتب ہوئے، پر روشنی ڈالتے ہیں:

سبطِ حسن نے ان تہذیبوں کو ان کے چار تشکیلی عناصر کی روشنی میں دیکھا ہے یعنی (۱) آلات و

اوزار (۲) طبعی حالت (۳) نظام فکر واحساس اور سماجی اقدار ہیں۔ اور انہی چاروں کی روشنی میں تہذیب کو سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے۔ ذرائع پیداوار اور آلات واوزار کس طور پر تہذیبوں کو متاثر کرتے ہیں سبط حسن نے نہایت خوبصورتی سے بیان کیا ہے بالخصوص سلطنت مغلیہ کے زوال کے اسباب جو زاویۂ فکر سبط حسن لے کر آتے ہیں وہ اس میں سامنے نہیں آیا تھا۔ سلطنت مغلیہ ایک جمود کا شکار ہو کر رہ گئی تھی۔ ان کے طریقہ پیداوار یکسانیت کا شکار ہو گئے تھے جو اس بات کی علامت تھی کہ ان کے ہاں فکری جمود پیدا ہو گیا ہے جس کے نتیجہ میں تبدیلی ضروری ہو گئی تھی۔

انقلاب ایران کے حوالہ سے سبط حسن کی کتاب ''انقلابِ ایران'' ایران میں آنے والے انقلاب پر ایک مفید کتاب ہے جس میں ایرانی انقلاب کو صرف پہلوی ریاست کے تناظر میں نہیں دیکھتے بلکہ ایرانی تاریخ میں اس کی بنیادیں تلاش کرنے کی کوشش کرتے ہیں قاچاری عہد سے لے کر شاہ ایران کے عہد تک ایران عوام کی بیداری کو ایران کے طول وعرض میں اٹھنے والی تحریکوں کے تناظر میں دیکھتے ہیں اور انقلاب کے محرکات کو بیان کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ سامراجی طاقتوں کے کردار پر سبط حسن نے مفصل روشنی ڈالی ہے۔ ایرانی بازار کے رجحانات اور غیر ملکی سرمائے کی آمد سے جو نقصانات ہوئے اور عوام کو جن مشکلات سے گذرنا پڑا اس کا بیان ہے۔ سبط حسن نے فقط انقلاب کو بھی موضوع نہیں بنایا بلکہ انقلاب کے بعد کی صورتحال کا بھی بغور جائزہ لیا ہے اور یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ ایران انقلاب کے ثمرات کو مربوط نہیں کر سکا جس کے نتیجہ میں وہ تھیوکریسی کے شکنجہ میں جکڑا گیا ہے اور عوام ان ثمرات سے محروم ہو گئے جو کہ انقلاب ایران کی صورت میں حاصل ہونا تھا اور ایک بار پھر سے شخصی حکمرانی غالب آ گئی ہے۔ انقلاب ایران اپنے موضوع کے اعتبار سے ایک وقیع کتاب ہے جو ان تمام عوامل پر روشنی ڈالتی ہے جو کہ اس نقلاب سے متعلق رکھتے ہیں۔

نوید فکر سبطِ حسن کے متفرق موضوعات پر مشتمل مضامین کی صورت میں ہے۔ مگر درحقیقت پاکستان کے حالات کے تناظر میں ریاست اور مذہب کے متعلق کا بیان ہے۔ قیام پاکستان کے بعد ہی سے ریاست اور مذہب کے حوالہ سے جو کشمکش دکھائی دیتی ہے سبط حسن نے اسے نہایت خوبصورتی کے ساتھ بیان کیا ہے۔ تھیوکریسی کی تاریخ میں سبط حسن بیان کرتے ہیں کہ ابتداء میں ہر ریاست تھیوکریسی پر مبنی تھی تھیوکریسی کے عروج و زوال اور اس کے کردار کے تفصیلی مطالعہ کے بعد سبط حسن اسلامی ریاست کی وضاحت کرتے ہیں اور اس بات کا جائزہ لیتے ہیں کہ کیا اسلام اور ریاست لازم ملزوم ہیں یا یہ نقطہ درست نہیں ہے اور اس کے بعد سیکولرازم کا تاریخی جائزہ یوں پیش کیا دیکھا جائے تو یہ کتاب علمی وفکری سرمائے

میں ایک گرانقدر اضافہ ہے۔

فیض احمد فیض ترقی پسند فکر کے حامل مشہور شاعر، ادیب اور دانشور تھے۔ مارکس فکر سے وابستگی فیض کے بھی آدرشوں میں شامل تھی۔ یہ اسی فکر اور نظام حیات کا اثر تھا کہ فیض کی پوری شاعری جدوجہد اور مظلوم طبقوں کی نمائندہ شاعری کے طور پر ابھر کر سامنے آئی ہے۔ فیض قوم اور نسل کے امتیازات سے بالاتر ہو کر مسائل کو اپنا موضوع بناتے ہیں وہ سماج کو دو حوالوں سے دیکھتے ہیں ایک سرمایہ دار اور آمر طبقہ ہے اور دوسرا غریب اور محکوم طبقہ ہے جو کہ اپنے ہونے والے استحصال پر صدائے احتجاج بھی بلند نہیں کر سکتا۔ فیض ایسے طبقے کی آواز بن کر سامنے آتے ہیں۔ فیض کی شاعری ترقی پسند شاعری ہے جس میں فیض کا اعجاز یہ ہے کہ انہوں نے قدیم وجدید روایات کے ملاپ سے اس کے حسن کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ سبط حسن نے اپنی تصنیف ''سخن در سخن'' میں جو کہ ان کی وفات کے بعد اُن کی بیٹی نوشابہ زبیری، مرحوم حسن عابدی اور سید جعفر احمد کی کوششوں سے زیور طبع سے آراستہ ہو کر شائقین اور محبان فیض اور سبط حسن کے ہاتھوں تک پہنچی ہے۔ سبط حسن نے اپنی اس تحریر میں فیض کی شاعری کے تخلیقی اسباب بیان کئے ہیں اور اس پس منظر کو فیض کی شاعری کی تفہیم کیلئے استعمال کیا ہے جس کی بنیاد پر فیض نے یہ تخلیقات کی ہیں۔ سبط حسن کا فیض سے دیرنہ تعلق تھا۔ دونوں اشخاص لیل ونہار سے وابستہ رہے، فکری ہم آہنگی اور درد کے جس مشترکہ رشتہ سے دونوں بندھے ہوئے تھے وہاں پر ایک دوسرے کو جاننے کیلئے لفظوں کو وسیلہ بنانے کی بھی ضرورت نہیں ہوتی۔ اس وجہ سے سبط حسن نے بھی اتنی ہی محبت اور احساس کی قوت کے ساتھ فیض کی شاعری کی وضاحت کی ہے ۔تنہائی اور احساسِ تنہائی کا بیان اُردو شعری روایت میں نیا نہیں ہے قدما سے لے کر عہد جدید تک کے ہر شاعر نے تنہائی اور احساس بیگانگی کو نہ صرف اپنا موضوع بنایا ہے بلکہ بیگانگی کے بطن سے جنم لینے والے اس احساس کو مختلف صورتوں کو بھی بیان کیا ہے۔ لیکن سبطِ حسن فیض کی ''تنہائی'' کے ایک ایسے پہلو کی طرف توجہ مبذول کرواتے ہیں جو اس سے پہلے نگاہِ سے اوجھل تھا یہ پہلو بے سود انتظار اور تنہائی کو یکجائی سے ہمکنار کرنے کی شدید خواہش کا ہے۔ بازاری معاشرے میں سودوزیاں کے الٹ پھیر نے فرد کو لاکھوں کے ہجوم میں بھی تنہا کر دیا ہے۔ بیگانگی اور مغائرت کا یہ عالم ہے کہ اُس کی محنتِ پیداوار بھی اس کی نہیں رہی ہے۔ سبطِ فیض کی نظم ''تنہائی'' کے اس پہلو کا مارکسی اصولوں کی روشنی میں جائزہ لیتے ہوئے لکھتے ہیں:

سودوزیاں کے اس باازی معاشرے میں ہر شخص لاکھں کے ہجوم میں بھی تنہا اور بے یارومددگار محسوس کرتا ہے حتیٰ کہ اُس کی قوت، محنت اور محنت کی پیداوار بھی اُس کی اپنی نہیں رہ جاتی۔ تنہائی کی المنا کی اُس سے پوچھیئے جس کے لیے روٹی پیٹ کی آگ بجھانے کا واحد ذریعہ ہو۔ وہ ہر رات کسی نہ کسی گاہک کا انتظار

کرتی ہے اور اگر گاہک نہ آئے تو اُس کو اپنے بے خواب کواڑوں کو مقفل' کرنا پڑے''۔[۱۰]

مارکس اور مشرق میں سبط حسن نے مشرق پر مارکسی فکر کے اثرات کا جائزہ لیا ہے اور اس ادبی جدلی تعلق کے حوالہ سے تاریخی تناظر میں دیکھنے کی کوشش کی ہے جو کہ مارکسی فکر کی بنیاد ہے اور سامراجی قوتیں جس طرح سے قوموں اور ممالک کو اپنی نوآبادیات بنانے کے لئے مختلف حربے استعمال کرتی ہیں ان کا تجزیہ سوشلزم فکر کے تحت کیا ہے سماج اپنے پیداواری رشتوں سے ارتقاء کی منازل طے کرتا ہے اور ان کی ترقی کا دارومدار انہی پیداواری رشتوں پر ہوا ہے جب تک ان رشتوں میں تبدیلی نہیں ہوتی سماج میں بھی کوئی تبدیلی واقع نہیں ہوتی اور جمود کا شکار ہو کر قومیں زوال سے ہمکنار ہو جاتی ہیں۔

سبطِ حسن نے نہایت علمی اعتبار سے مارکسی فکر اور مشرق سے اس کے تعلق کی وضاحت کی ہے اور مارکسزم اور مارکسی مطالعہ کے باب میں یہ ایک اہم کتاب ہے۔

سبطِ حسن نے اپنی شخصیت کی تینوں جہات کے اعتبار سے نہایت وقیع کام کیا ہے سیاست کے میدان سے لے کر صحافت کے دشتِ پرخار تک سبطِ حسن ہمیں نہایت ثابت قدم اور غیر متزلزل ارادہ کے حامل شخص کے طور پر دکھائی دیتے ہیں ایک ایسا بے لوث انسان جسے صرف اپنے سماج کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر علم وشعور کی سرحد کے اس پار لے کر جانا ہے جہاں سائنسی طرزِ استدلال کی حکمرانی ہے اور سبطِ حسن اپنے استدلال کی بنیاد تاریخ اور سماجی ارتقاء کے قوانین پر تعمیر کرتے ہیں۔ان کے خیال میں ہر عہد کا نظام اقدار کا اس عہد کے معروضی حالات، اقتصادی رشتوں اور سماجی ماحول سے متعین ہوتا ہے اس لئے نہ تو موجودہ نظام کے تحت آپ ماضی کے رشتوں اور اقدار کا تجزیہ کر سکتے ہیں اور نہ ہی ماضی کے نظام اقدار کی بنیاد پر حال کا احاطہ کر سکتے ہیں اس کے بجائے یہ دیکھنا چاہیے کہ اس عہد کی کس قوت کا مفاد اس نظام کی بقا میں تھا اور کونسی قوت اس نظام کی تبدیلی کی نقیب تھیں۔

جہاں تک یہ سوال ہے کہ مارکس فکر سے وابستہ لوگوں نے عوام پر کیا اثرات مرتب کئے اور ان کی فکری تطہیر کرنے میں کس قدر کامیاب یا ناکام ہوئے ہیں اور اگر کامیاب ہوئے تھے تو پھر انقلاب یا تبدیلی کیوں نہ آسکی؟ ان تمام سوالات کا جواب حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ہم مارکسزم اور سوشلزم کے مخالف اور متحارب قوتوں کو جاننے کی کوشش کریں۔ہم جانتے ہیں اور تاریخ کا مطالعہ ہمیں بتاتا ہے کہ انسان ابتداء ہی سے مذہب کے ہاتھوں استعمال ہوتا آیا ہے مذہبی راہنما لوگوں کو اپنے تابع رکھنے کی ہر دم کوشش وسعی میں لگے رہتے ہیں اور حکمران طبقہ بھی ان کے ساتھ مل کر عوام کو اطاعت اور صبر کی تلقین کرتا ہے، تاکہ عوام پر اپنے

اقتدار مضبوط عبنا سکیں، یورپ میں کلیسا کا کردار بھی ایسا ہی رہا ہے سبط حسن اور اسی قبیل کے لوگ جو کہ عوام میں سیاسی وسماجی شعور بیدار کرنے کیلئے جدوجہد کرتے رہے ہیں فکری تحرک پیدا کرنے کیلئے عوام اور سماج میں سوال اٹھائے جن کی بدولت عوام میں تحریک پیدا ہوئی اور انہوں نے اپنے حقوق کے حوالہ سے سوچنا شروع کیا۔ فکری اعتبار سے لوگوں کو ثروت مند بنانے کیلئے ان سب نے بے انتہا کام کیا اور اپنی زبان میں بہت سا علم جو کہ صرف مقتدر طبقہ کی رسائی میں تھا عوام تک پہنچایا۔ اس حوالہ سے دیکھیں تو اس نسل نے اپنے ذمہ کا کام پوری ایمانداری سے انجام دیا رہا یہ سوال انقلاب کیوں نہ آیا تھا۔ اس سلسلہ میں یہ بات بھی جاننے کی ہے کہ اس تحریک سے وابستہ لوگوں کا مقصد خونی انقلاب لانا نہیں تھا کیونکہ ایسا کوئی بھی انقلاب جو کہ فکری انقلاب کا نتیجہ نہ ہو۔ بالآخر پہلے سے زیادہ بُری آمریت اور شخصی اقتدار میں تبدیل ہو جاتا ہے اس لئے انہوں نے انقلاب کے زیادہ ضروری پہلو سے بعض فکری تغیر وتبدل پر زور دیا ہے۔

سبط حسن کا ایک کام جو کہ انہیں اپنے ہمصر لوگوں سے ممتاز بناتا ہے وہ یہ ہے کہ انہوں نے اُردو زبان میں تحریر کیا اور وہ علوم اور افکار ونظریات جو کہ عوام اور نوجوانوں کی رسائی سے دور تھے یا کم پڑھے لکھے لوگوں کی فکری رسائی سے باہر تھے اُن کی دسترس میں آ گئے اس سے ہر طرف فکر اور شعور کی روشنی پھیل گئی۔

سبطِ حسن کی شخصیت کے ان تینوں پہلوؤں کے جائزہ سے ان کی خدمات ہمارے سامنے آتی ہیں یہ خدمات یقینی طور پر اس قابل ہیں کہ قوم ان پر فخر کر سکتی ہے سبط حسن نے اپنی تمام زندگی ایک سیاسی فلسفہ جسے مارکسی فلسفہ کہا جاتا ہے کہ تحت گذاری گو کہ اس طور سے زندگی گزارنے میں انہیں کئی مشکلات سے بھی گذرنا پڑا لیکن سبط حسن نے پائے استقامت میں کبھی لرزش نہ آئی۔

حوالہ جات

۱۔ سبط حسن، سید، ادب اور روشن خیالی، مرتبہ، سید جعفر احمد، مکتبہ دانیال، کراچی، ۱۹۹۰ء، ص ۱۷۹

۲۔ ایضاً، ص ۱۷۹-۱۷۸ ۳۔ ایضاً، ص ۱۸۱-۱۸۰

۴۔ سبط حسن، سید، پاکستان کے تہذیبی وسیاسی مسائل، مکتبہ دانیال، کراچی، ۲۰۰۲ء، ص ۵

۵۔ ایضاً، ص ۸ ۶۔ ایضاً، ص ۹

۷۔ وولفرام کرنوسکی، ای ایف یو، ایک تحریک، مترجم، باقر نقوی، اکادمی بازیافت، کراچی، ۲۰۰۷ء، ص ۳۲۰

۸۔ سبط حسن، سید، ماضی کے مزار، مکتبہ دانیال، کراچی، ۱۹۷۶ء، ص ۵۲-۱

۹۔ سبط حسن، سید، سُخن در سُخن، مکتبہ دانیال، کراچی، باردوم، ۲۰۰۹، ص ۱۶

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 36, Sr.No.101, 2015, pp 19 - 28

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۶، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۱۵ء، شمارہ ۱۰۱

کشف المحجوب میں مقام رضا

☆ڈاکٹر افتخار احمد خان☆☆ڈاکٹر غلام اکبر

Abstract:
Kashf ul Mahjub is taken as the basis source of Islamic Mysticism in Persian literature. In this book, Syed Ali Hujveri has described so many important issues related to Muslim society. In this article, an important part of Muslim personality has been discussed and evaluated.

Key words: Kashf ul Mahjub, Syed Ali Hujveri, Muslim personality, Analysis.

الحمدللہ رب العالمین والصلوۃ والسلام علی سید الانبیاء والمرسلین وعلی الہ و صحبہ أجمعین. بسم اللہ الرحمن الرحیم .

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

﴿رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ﴾ (۱)

''اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہو گیا وہ اللہ سے راضی ہو گئے''

اسی طرح سورۃ فجر کی آیت نمبر ۲۷۔۔۔۳۰ میں ارشاد ربانی ہے۔

﴿یایتھا النفس المطمئنۃo ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃo فادخلی فی عبادیo وادخلی جنتی﴾

اے روح اطمینان والی! تو لوٹ اپنے رب کی طرف راضی ہونے والی پسندیدہ۔ پھر تو داخل ہو میرے بندوں میں اور میری جنت میں۔

☆ لیکچرر شعبہ عربی جی سی یونیورسٹی فیصل آباد
☆☆ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ فارسی جی سی یونیورسٹی فیصل آباد

تصوف ایک روشنی ہے اور روشنی بھی ایسی جو ہفت رنگ ہو، انہی کی جھلک مختلف شکلوں میں ملتی ہے سب سے واضح اور منور تو وہ ہے جس کے سوتے قرآن سے پھوٹتے ہیں پھر وہ جن کا ہالہ رسول کریمؐ کی ذات اقدس ہے اور اسی طرح تصوف تلاش احسن کی ہمہ گیر تحریک کا نام بھی ہے جس کا مقصد عملی اور پر امن انداز میں عشق مصطفیٰ ﷺ کے درس کو نہ صرف لوگوں تک پہنچانا بلکہ ان کو دوسروں کا ہادی و رہنما بنانا تا کہ آخرت میں فلاح و کامیابی اور رضائے الٰہی کا حصول ممکن ہو۔

اس راہ سلوک کے نامور شہسوار جنھوں نے عشق مصطفیٰ ﷺ کی شمع کو لوگوں کے دلوں میں فروزاں کیا، ان میں ایک عظیم ہستی سید ھجویر رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں۔ اسی طرف علامہ اقبالؒ اشارہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں: (۲)

سید ہجویر مخدوم امم خاک پنجاب از دم او زندہ گشت
مرقد او پیر سنجر را حرم صبح ما از مہر او تابندہ گشت

آپؒ قدوۃ السالکین، زبدۃ العارفین اور سند الواصلین ہیں آپؒ کا وجود سعید خطۂ پنجاب کے لئے مرکز مہر و وفا ہے آپؒ کی ظاہری حیات طیبہ بھی اس خطہ کے لوگوں کے لئے سراپاءِ رحمت تھی اور آپؒ کی باطنی حیات بھی لوگوں کے لئے روحانی فیوض و برکات کے حصول کا ذریعہ ہے آپؒ امت کے اکابر اولیاء کرام میں سے ہیں آپؒ کی شہرہ آفاق تصنیف کشف المحجوب اُمھات کتب تصوف میں سے ایک ہے اور آپؒ کے کمالات کا عکس جمیل بھی ہے جو تکلف اور تصنع سے بری ہے انداز بیاں ایسا کہ معانی و مفاہیم کے سمجھنے میں کہیں بھی دقت پیدا نہیں ہوتی۔ اس کتاب جمیل کے بنیادی موضوعات میں سے اثبات علم، فقر و غنا، تصوف، خرقہ پوشی، فقر و صفوت، ملامت، پیش رو ائمہ، صحابہ کرامؓ ائمہ تابعین، تبع تابعین، وصوفیائے متاخرین، مشائخ متاخرین، صوفیا کے مختلف مکاتب و مذاہب، راہ سلوک کے مقامات مختلفہ، صحبت اور متعلقات صحبت، آداب نکاح، تجرد، سماع اور اس کے متعلقات اور توبہ قابل ذکر ہیں۔ مؤخر الذکر جو کہ سالکان راہ حق کا پہلا مقام ہے اور رضا ایک ایسی منزل ہے جس کے اوپر کوئی منزل نہیں یہی رضا و تسلیم موضوع گفتگو ہے اس کا ذکر شیخ ھجویر رحمۃ اللہ علیہ نے کشف المحجوب کے چودھویں باب اُھل طریقت کے مذاہب اور ان میں

امتیازی فرق میں کیا ہے۔(۳) یہ ایک ایسا موضوع ہے جو صوفیا اور مشائخ کے مابین مختلف فیہ ہے یہی وجہ ہے کہ آپؒ نے گفتگو کا آغاز ہی ان کلمات سے فرمایا:

''اھل طریقت کے بارہ مذاہب ہیں جن میں سے دو مردود اور دس مقبول ہیں ان دسوں کے معاملات اور طریقت کے سلوک درست وعمدہ ہیں۔ مشاھدات میں ان کے آداب لطیف و دقیق ہیں۔ اگر چہ باہم معاملات ومجاھدات اور ان کی ریاضتوں میں اختلاف ہے تاھم توحید اور شریعت کے اصولوں وفروع میں سب متفق ہیں۔۔۔

گفتگو کے آغاز میں ہی یہ جان لینا نہ صرف درست بلکہ بہت ہی موزوں اور مناسب ہے کہ رضا ہے کیا؟ اس کا خلفیہ و پس منظر کیا ہے؟ تا کہ قضیہ سمجھنے میں ممد ومعاون ثابت ہو۔ لفظ رضا کا مادہ ر ض ی ہے اس حوالہ سے ابن فارس اپنی مشہور معجم وقاموس ''مقاییس اللغۃ'' میں رقمطراز ہیں:

(رضی) هذه المادة تدل علی خلاف السخط تقول رضيیرضيَ رضيً وهو راضٍ(۴)

(رضي) کا مادہ عدم سخت یعنی ناراض نہ ہونے پر دلالت کرتا ہے۔ اسی سے کہتے ہیں رضی یرضی اور رضا مصدر ہے جبکہ راض اسم فاعل ہے یعنی راضی ہونے والا رضا پر کتاب وسنت ناطق اور اس پر امت کا اجماع ثابت ہے اسی لئے شیخ علی ہجویریؒ نے حقیقتِ رضا کی توضیح کے لئے قرآن و سنت سے استدلال کیا ہے وہ یہ ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

﴿رضی الله عنهم و رضوا عنه﴾(۵)

اللہ تعالیٰ ان سے راضی ہے اور وہ اس سے راضی ہیں۔

اسی طرح اور ارشاد ربانی ہے:

﴿لقد رضی الله عن المؤمنین اذیبایعونک تحت الشجرة﴾ (۶)

''بے شک اللہ راضی ہوا مؤمنین سے، جب کہ انھوں نے تجھ سے بیعت کی شجر کے نیچے''

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے:

﴿ذاق طعم الایمان من رضی بالله رباً﴾ (۷)

اس نے ایمان کا ذائقہ پا لیا جو اللہ کے رب ہونے پر راضی ہو گیا۔

حضور ﷺ اپنی دعا میں فرمایا کرتے تھے:

﴿أسئلک الرضاء بعد القضاء ﴾ (۸)

اسی طرح احادیث میں وارد ہے کہ حضرت موسیٰ کلیم اللہؑ نے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی کہ:

" اللهم دلنی علی عمل اذاعملت رضیت عنی فقال الله تعالیٰ انک لا تطیق ذلک یا موسی فخر موسیٰ علیه السلام ساجد ا متضرّعا فأوحی الله الیه یا ابن عمران ان رضائی فی رضا ئک لقضائی" (۹)

''اے میرے رب مجھے ایسا عمل بتا جس پر میں عمل کروں تو مجھے تیری رضا حاصل ہو جائے؟ تو اللہ تعالی نے فرمایا: اے موسیٰ یہ بات تمہاری قوت برداشت سے باہر ہے یہ سن کر حضرت موسیٰ روتے ہوئے سجدے میں گر پڑے تو اللہ تعالی نے وحی نازل فرمائی: اے فرزند عمران میری رضا تو تمہارے اندر ہے تم کو چاہیے کہ قضا پر راضی ہو''

(یعنی جب بندہ اللہ تعالیٰ کی قضا پر راضی رہے گا تو تو یہ اس کی دلیل ہے کہ حق تعالیٰ اس سے راضی ہے)

وجہء اختلاف رضا کا پس منظر:

فرقہء محاسبیہ کی نسبت وعقیدت حضرت ابوعبداللہ محاسبیؒ سے ہے آپؒ اپنے زمانے میں مقبول النفس اور قاطع النفس تھے آپ کے تمام ظاہری و باطنی معاملات صحیح و درست تھے آپ کے مذہب کی خصوصیت یہ ہے کہ آپ رضائے الٰہی کو مقامات کے قبیل سے نہیں مانتے تھے بلکہ ازقسم احوال طریقت سمجھتے تھے۔ طریقت میں یہ پہلا اختلاف ہے جو ان سے واقع ہوا اس پر علماء خراسان وعراق نے گرفت ومؤاخذہ کیا ان کا کہنا ہے کہ رضا طریقت کے ایک مقام کا نام ہے جو توکل کی آخری منزل ہے یہ اختلاف آج تک علماء ومشائخ کے درمیان موجود و برقرار ہے اسی کی توضیح وتصریح میں شیخ علی ہجویریؒ نے یہ باب باندھا اور بہت ہے دقیق وجہء اختلاف کو صراحت کے ساتھ بیان فرمایا۔(۱۰)

صورت رضا اوران کی حقیقت:

سید علی ہجویریؒ نے رضا کی دو صورتیں اور اقسام بیان کی ہیں۔

پہلی صورت وقسم: بندے کا اللہ سے راضی ہونا۔ اللہ کا بندے سے راضی ہونے کی حقیقت یہ ہے کہ وہ بندے کو ثواب ونعمت اور کرامت سے نوازے اور بندے کا للہ سے راضی ہونے کی حقیقت یہ ہے

کہ اس کے فرمان پر عمل کرے اور اس کے حکم کے آگے سر تسلیم خم کر دے اور خدا کے معاملات میں چوں وچرا نہ کرے اس لئے کہ رضائے بندہ، رضائے خدا پر موقوف ہے اسی پر اس کا قیام ہونا چاہیے۔

جبکہ رضائی بندہ کیسا ہو اس کے اوصاف و خصائص کا ذکر کرتے ہوئے اس کا خلاصہ اس انداز میں بیان فرماتے ہوئے رقمطراز ہیں:

''منع وعطا کی دونوں حالتوں میں رضائی بندہ کا دل یکساں رہے اور جلال و جمال کے نظارے میں اس کا باطل مضبوط و مستحکم رہے خواہ اسے منع سے روک دیا جائے یا عطا میں آگے بڑھایا جائے ہر حالت میں اس کا قیام مساوی ہو خواہ آتش جلال میں جلے یا لطف و جمال کے نور سے منور ہو، اس کے دل میں جلنا اور منور ہونا یکساں ہو کیونکہ اس کا ظہور حق تعالیٰ کی طرف سے ہے اس کی جانب سے جو کچھ بھی آئے اچھا ہی ہوتا ہے اس کے بعد آپ نے امام حسن بن علیؓ کی رضائی بندہ کے حوالہ سے روایت نقل کی جس میں آپ نے فرمایا:

''اللہ تعالیٰ نے بندے کیلئے جو اختیار فرمایا ہے بندہ خدا کی اختیار کردہ حالت کے سوا کسی اور حالت کی آرزو نہ کرے اللہ تعالیٰ بندے کے لئے جو پسند فرمائے بندہ اسی کو چاہے جب بندہ خدا کی رضا اور اختیار کو دیکھ لیتا ہے تو وہ اپنی مرضی واختیار سے منہ موڑ کر ہر غم وفقر سے نجات پا جاتا ہے کیونکہ رضا بندے کو غفلت سے چھڑاتی ہے اور غموں کے پنجوں سے بچاتی ہے اور غیر کے اندیشے کو دل سے نکالتی اور تکلیفوں کی بندشوں سے نجات دیتی ہے کیونکہ رضا کی صفت ہی آزاد کرنا ہے'' (۱۱)

معاملات رضا کی حقیقت:

شیخ علی بن عثمان الجویریؒ نے وجہ اختلاف رضا کا پس منظر، حقیقت رضا اور صورت رضا کی توضیح کے بعد معاملات رضا کی حقیقت پر سیر حاصل بحث کی ہے آپ فرماتے ہیں: معاملات رضا کی حقیقت بندے کی پسندیدگی ہے کہ وہ یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ تمام حالات کا دیکھنے والا باخبر ہے اور یہ بھی اعتقاد رکھے کہ منع وعطا اللہ تعالیٰ کے علم سے ہے اس قضیہ ومسئلہ میں صوفیہ کرام کے چار گروہ ہیں جن کی آپ نے توضیح فرمائی اور وہ درج ذیل ہیں:

۱۔ پہلا گروہ وہ ہے جو خدا کی عطا پر راضی ہو یہ درجہء معرفت ہے۔

۲۔ دوسرا گروہ وہ ہے جو اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر راضی ہو یہ درجہء دنیا ہے۔

۳۔ تیسرا گروہ وہ ہے جو مصائب و ابتلا پر راضی ہو یہ درجہءمحنت و مجاہدہ اور مختلف الانواع مشقیں ہیں۔

۴۔ چوتھا گروہ وہ ہے جو برگزیدگی اور اکتفا پر راضی ہو یہ درجہءمحبت ہے۔

صوفیا کرام کے مذکورہ گروہوں کا ذکر کرنے کے بعد آپؒ نے اپنے نکتہءنظر کو مزید واضح کیا آپ فرماتے ہیں:

''وہ لوگ جو عطا کرنے والے کے جلوے اس کی عطا میں دیکھتے ہیں اور جان و دل سے قبول کرتے ہیں تو ان کا یہ قبول کرنا ان کے دل سے اس کی کلفت و مشقت کو دور کر دیتا ہے اور جو لوگ عطا کے ذریعے عطا کرنے والے کو دیکھتے ہیں وہ عطا ہی میں رہ جاتے ہیں وہ تکلف سے رضا کی راہ پر چلتے ہیں اور تکلف میں سراسر رنج و مشقت ہے معرفت اس وقت حقیقت ہوتی ہے جب بندہ حق کی معرفت میں مکاشف و مشاہد ہو اور جب اس کے لئے معرفت قید و حجاب ہو تو وہ معرفت مکروہ، و نعمت عذاب اور وہ عطا حجاب بن جاتی ہے''

صوفیا کرام کا دوسرا گرہ جو اللہ کی نعمتوں پر راضی ہو کے حوالہ سے اپنا نقطہءنظر اس انداز میں بیان فرمایا:

''وہ لوگ جو دنیا کے اندر نعمتوں کے ذریعہ اس (اللہ) سے راضی ہوں وہ ہلاکت و نقصان میں رہتے ہیں ایسی رضا اس دوزخ میں جھونک دیتی ہے اس لئے کہ جس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت ہوتی ہے اس کے لئے دنیاوی نعمتوں کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہوتی اور نہ ہی اس کے دل میں محرومی اور کوئی رنج و ملال گزرتا ہے نعمت تو اس وقت نعمت کہلاتی ہے جبکہ وہ نعمت دینے والی کی طرف رہنمائی کرے لیکن جب وہ اسے منعم سے محجوب کر دے تو ایسی نعمت سراپا آفت و بلا ہوتی ہے''

تیسرا گروہ جو مصائب و ابتلاء پر راضی ہو کے متعلق فرماتے ہیں:

''وہ لوگ جو ابتلاء کے ذریعہ اس سے راضی ہوں وہ، وہ ہیں جو بلاء میں میلان کو دیکھتے اور مشقت کے ذریعہ مشاہدے کی طرف مائل ہوتے ہیں اس حالت میں ان کی تکلیف ان کو دوست کے مشاہدہ کی مسرت میں آزردہ نہیں کرتی''

جبکہ صوفیہ کرام کے چوتھے اور آخری گروہ جو برگزیدگی اور اصطفا پر راضی ہو کے متعلق اپنا

نقطہ نظر پیش کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

''وہ لوگ جو برگزیدگی اور اصطفا کے ذریعے سے اس سے راضی ہوں وہ اس کے محبوب ہوتے ہیں کیونکہ وہ حالت رضا میں بلاء وسختی سے خالی ہوتے ہے ان کے دلوں کی منزلیں صرف حق تعالیٰ ہی کی طرف ہوتی ہیں۔

۔۔۔اور پھر معاملات رضا کی حقیقت پر گفتگو کا اختتام اللہ تعالی کے فرمان ☆ **لا یملکون لا نفسھم ضراَ و لا نفعا ولا یملکون موتا و لا حیوۃ ولا نشورا** (۱۳)

وہ اپنی جانوں کے نفع ونقصان کے مالک نہیں ہوتے اور نہ ہی موت وحیات اور مرنے کے بعد اٹھنے کے مالک ہوتے ہیں اور حضور اکرم ﷺ کے اس فرمان **''من لم یرض باللہ و بقضالہ شغل قلبہ و تعب بدنہ''**

''جو اللہ کی رضا اور اس کی قضا پر راضی نہ ہوا اس نے اپنے دل کو تقدیر و اسباب میں مشغول کر کے بدن کو سختی میں ڈال دیا'' پر کرتے ہیں (۱۴)

اس دقیق بحث پر علمی گفتگو کے آخر میں ''اللہ العلم'' کے کلمات کا ستعمال آپ کی حد درجہ عاجزی وانکساری کا منہ بولتا ثبوت ہے آپ کا ایک ایسا وصف جو رضائے الٰہی کے حصول میں بہت ہی مدومعاون ثابت ہوسکتا ہے یہ دعائے انبیاء بھی ہے اور خاصہ ءصوفیا بھی۔

زھد ورضا کے مابین فضیلت:

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ زھد افضل ہے یا رضا، چونکہ زہد وتقویٰ کا مقصود بھی رضائے الٰہی کا حصول ہے اس حوالہ سے سید علی بن عثمان ہجویریؒ نے حضرت فضیلؒ کا قول نقل کیا ہے جس میں حضرت بشر حافیؒ نے آپ سے پوچھا کہ زہد افضل ہے یا رضا تو حضرت فضیل بن عیاضؒ نے جواباً ارشاد فرمایا:

''الرضاءُ افضل من الزھد لأن الراضی لا یتمنی فوق منزلہ''

رضا زہد سے افضل ہے کیونکہ راضی اس سے اوپر کی منزل کی خواہش نہیں کرتا مقصد یہ ہے کہ زہد کے اوپر ایک اور بھی منزل ہے۔

جس کو حاصل کرنے کے زاھد تمنا کرتا ہے۔ لیکن رضا کے اوپر کوئی منزل نہیں جس کی راضی تمنا کرے۔ یعنی اوپر کا درجہ نیچے کے درجے سے افضل ہوتا ہے۔

آخر میں تعلیق اس انداز سے لگائی اور فرمایا:

یہ واقعہ حضرت محاسبی کے اس قول کی صحبت پر دلالت کرتا ہے کہ رضا احوال کے قبیل سے ہے یہ کوئی ایسی شے نہیں ہے جو مجاہدے اور کسب کے ذریعے حاصل ہو جائے بلکہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے وھبی یعنی عطیہ اور بخشش کے طور پر حاصل ہوتی ہے۔ نیز اس کا بھی احتمال ہے کہ راضی کو سرے سے تمنا ہی نہ ہو جیسا کہ حضور اکرم ﷺ نے اپنی دعا میں فرمایا:

''أسئلک الرضا ء بعد القضاء''

''میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں کہ نزول قضاء کے بعد مجھے راضی رکھنا'' یعنی مجھے ایسی صفت عطا فرما کہ جب تیری جانب سے قضاء کا اجراء ہو تو نزولِ قضاء کے وقت تو مجھے راضی پائے۔ (۱۵)

اقوالِ مشائخ وعلماء اور رضاء:

شیخ، داتا گنج بخش علی بن عثمان ھجویریؒ نے رضاء کی تفہیم وتوضیح کے لئے منطقی انداز اختیار کیا آپؒ نے سب سے پہلے خلفیہ و پس منظر، پھر حقیقت رضا وصورت رضا اور معاملات رضا کی حقیقت بیان کی پھر زھد و رضاء کے مابین فرق کیا اور آخر میں رضاء کے بارے میں اقوال مشائخ و علماء کا ذکر کیا تا کہ یہ دقیق اور مختلف فیہ موضوع آسانی سے سمجھ آ سکے۔

رضاء کے بارے میں مختلف ائمہ ومشائخ کیا فرماتے ہیں ملاحظہ فرمایئے:

حضرت ابوالعباس بن عطاء کے نزدیک:

''الرضاء نظر القلب الیٰ قدیم اختیار الله للعبد''

بندے پر اللہ کے قدیم اختیار کی جانب دلی نگاہ کو رضا کہتے ہیں۔

حضرت حارث محاسبیؒ فرماتے ہیں:

''الرضاء سکون القلب تحت مجاری الاحکام''

احکام الٰہی کے اجرا پر سکون قلب کا نام رضا ہے۔
اھل علم بیان کرتے ہیں کہ حضرت عتبہ الغلام رات بھر نہیں سوئے اور دن چڑھے تک یہی کہتے رہے کہ:

''أن تعذ بنی فانا لک محب و ان ترحمنی فانا لک محب''

اگر تو مجھے دوزخ کے اندر عذاب میں ڈال دے یا اپنی رحمت کی چادر میں ڈھانپ لے! دونوں حالتوں میں میں تجھ سے محبت کرتا رہوں گا۔ بقول شاعر:

اگر بخشے رہے قسمت، نہ بخشے تو شکایت کیا
سر تسلیم خم ہے، جو رضاء یار میں آئے

اسی طرح حضرت ابوعثمان جبریؒ فرماتے ہیں۔:
''منذ أربعین سنة ما أقامنی الله فی حال فما کرھته وما نقلنی أ لیٰ غیره ماسخطته''

''چالیس سال گزر گئے ہیں اللہ تعالیٰ نے مجھے جس حال میں رکھا میں نے اسے ناپسند نہ کیا اور جس حال کی طرف بھی اس نے مجھے پھیرا میں نے اس سے ناراضگی نہیں کی'' یہ اشارہ دائمی رضا اور کمال محبت کی طرف ہے۔
غرضیکہ رضاء کی تعریف میں مشائخ کا بہت اختلاف ہے

خلاصۂ کلام:

اس جامع توضیح کے بعد آپؒ نے رضاء کی مزید وضاحت کے لئے مقام و حال کے مابین فرق واضح کیا اور پھر فرمایا:
مختصراً اتنا یاد رکھو کہ رضا مقامات کی انتہاء اور احوال کی ابتداء ہے اور یہ مقام ایسا ہے جس کا ایک کنارہ ریاضت و مجاھدے کی طرف ہے اور دوسرا کنارہ محبت و اشتیاق کی سمت! اس سے اوپر اور کوئی مقام نہیں ہے اور تمام مجاھدے اسی پر ختم ہو جاتے ہیں اس کی ابتداء کسبی ہے اور انتہاء وھبی۔ البتہ اس کا امکان ہے کہ جس نے اپنی رضاء کی ابتداء، اپنے ساتھ دیکھی اس نے کہہ دیا کہ یہ

مقام ہے اور جس نے اپنی رضاء کی انتہاء، حق کے ساتھ دیکھی اس نے کہہ دیا کہ یہ حال ہے ۔تصوف میں حضرت محاسبیؒ کے مذہب کا معاملہ یہ ہے ۔ بایں ہمہ تصوف کے معاملات میں انہوں نے کوئی اختلاف نہیں کیا۔ البتہ انہوں نے اپنے مریدوں کو ایسی عبارات اور معاملات میں زجر و توبیخ فرمائی ہے جس میں کسی قسم کا ابہام و خطا ہو۔ اگر چہ وہ اصل میں درست ہی کیوں نہ ہو؟ (۱۷)

وصلی الله تعالیٰ علی حبیبه محمد وعلی اٰله و أصحابه أجمعین

☆☆☆☆

حواشی و مصادر

۱۔ سورۃ البقرۃ: ۱۰۰ ۲۔ اسرار خودی، از علامہ محمد اقبال، ص ۷

۳۔ کشف المحجوب، مترجم غلام معین الدین ۲۶۳۔۲۷۲

۴۔ معجم مقاییس اللغة، از ابن فارس مادة ''رض ے'' ۴۰۲/۲، تحقیق عبدالسلام محمد ہارون مطبعہ الاعلام الاسلامي ۱۴۰۴ھ

۵۔ سورۃ التوبۃ آیت نمبر ۱۰۰ ۶۔ سورۃ الفتح آیت نمبر ۱۸

۷۔ مسند احمد بن حنبل ۲۰۸/۱

۸۔ امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند میں اسے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے: ''اسئلك اللهم الرضاء بعد القضاء'

۹۔ کشف المحجوب، مترجم غلام معین الدین ص ۲۶۴، ۲۴۷، زاویہ فاؤنڈیشن، لاہور، ۲۰۰۴ء۔

۱۰۔ مصدر سابق، ص ۲۶۳۔۲۶۴ ۱۱۔ مصدر سابق، ص ۲۶۴۔۲۶۵

۱۲۔ مصدر سابق ص، ۲۶۵ ۱۳۔ سورۃ الفرقان: ۳

۱۴۔ ''معاملات رضا کی حقیقت کے لئے ملاحظہ فرمایئے کشف المحجوب، ص ۲۶۵، ۲۶۶

۱۵۔ مصدر سابق، ص ۲۶۷، س ۸۔ س ۱۵ ۱۶۔ مصدر سابق، ص ۲۶۷۔۲۶۹

۱۷۔ مقام و حال میں فرق کے لئے ملاحظہ فرمایئے کشف المحجوب، ص ۲۶۹۔۲۷۶

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 36, Sr.No.101, 2015, pp 29 - 34

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۶، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۱۵ء، شمارہ ۱۰۱

اُردو زبان کا فرانسیسی شاعر..... جارج فانتوم صاحبؔ

عبدالسعید☆

Abstract:
When the English who came to the sub continent Indo Pak for transacting business began to be interested Urdu language and literature, there emerged a class on the colourful horizon of literary verse. One of those great literary figures is George Fanthome Sahib, the remarkable Urdu poet. He was brought up in line light of Indian civilization. So he developed a specific inclination Urdu and Persian literature. His literacy works specially Ghazals have all the spice and flavour which is subcontinent known for. He expressed his religious views like that of the muslim poets. He also touched upon the beauties of Islamic values and festivals. His literary style commemorates the literary contribution of Nazir Akbar Abadi. The primary theme of his poetry is worldly love and he regards it as his life target to the level of external love. (Key Words: Indian civilization, religious views, beauties of islamic values, worldly love)

برصغیر پاک و ہند کی سرزمین پر مغربی اقوام کا عرصہ قیام و عمل ساڑھے چار سو سال پر محیط ہے۔ ان اقوام نے تجارت و سیاست کے ساتھ ساتھ ہندوستانی علوم و السنہ کے حصول میں بھی گراں قدر خدمات انجام دیں جن کے نتیجے میں نہ صرف اردو زبان کی تصنیفات و تالیفات کا بڑا ذخیرہ وجود میں آیا بلکہ ہندوستان کی تہذیب و معاشرت میں رچ بس جانے والے اہل مغرب میں سے اردو شعرا کا ایک قابل ذکر طبقہ بھی شعری افق پر نمودار ہوا۔ جارج فانتوم (George Fanthome) المتخلص صاحبؔ اس طبقے کے نمایاں شعرا میں شمار ہوتے ہیں۔ وہ ۱۸۲۲ء میں حیدر آباد دکن کی فرانسیسی

☆ لیکچرر، شعبہ اُردو، گورنمنٹ کالج، ماڈل ٹاؤن لاہور

فوج کے کپتان برنارڈ فانتوم کے ہاں رام پور میں پیدا ہوئے۔ (شفقت رضوی، ص ۱۳۸) اُن کی تربیت خالصتاً مشرقی اور ہندوستانی تہذیب کے زیرِ اثر مکمل ہوئی۔ اس لیے اُنھیں اردو، فارسی اور عربی زبان سے خاص لگاؤ تھا۔ محمد سردار علی کے بقول اُنھوں نے

> ''حافظ شیرانی طالبؔ، مولوی محمد نورالاسلام اور مولوی محمد حفیظ اللہ سے فارسی اور عربی کتابیں پڑھی تھیں۔ شعر وسخن میں میر نجف علی شفقتؔ سے مشورہ لیتے تھے۔ اردو فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔ صاحبؔ کے علاوہ کبھی کبھی جرجیسؔ بھی تخلص کرتے تھے۔'' (محمد سردار علی، ص ۳۹)

جارج فانتوم صاحبؔ نے یادگار کے طور پر جو تخلیقی سرمایہ اردو شاعری کو عطا کیا ہے اُس میں غزلیں قصائد، رباعیات، قطعات اور متفرق اشعار شامل ہیں۔ اردو اور فارسی زبان پر کامل دستگاہ کے باعث ان کی شاعری فنی وفکری حوالے سے ہندوستانی اسالیبِ شعر کی جملہ خوبیوں سے آراستہ دکھائی دیتی ہے۔ محبوبِ مجازی کے جور وجفا کا اظہار ہو یا مصائبِ عشق کے سامنے ڈٹ جانے کا ذکر، دونوں صورتوں میں اُن کا اندازِ بیان قابلِ ستائش ہوتا ہے۔

میں بھی فرزند سپاہی ہوں نہیں ڈرنے کا	تیغِ ابرو نہ بہت اے بتِ رعنا چمکا
تم میں ہے جور اور جفا صاحب	یاں ہے تسلیم اور رضا صاحب
ہم وہ ہیں گر ایک سے سو آفتیں ہوں سب سہیں	آزماتا کیا ہے ہم کو جان اور پہچان کر

(Saksena,P.۱۵۶،۱۶۰،۱۶۲)

اردو شاعری میں جہاں لب ورخسار یا گل وبلبل کا تذکرہ عام ہے وہاں دنیا کی چند روزہ زندگی اور بڑھاپے میں جوانی کے حسین دنوں کی یاد کے حوالے سے بھی ہر شاعر کے ہاں کچھ اشعار ضرور ملتے ہیں۔ ولیؔ دکنی کی حسن پرستی ہو یا میرؔ کا تصورِ عشق، آتش کا نشاطیہ رنگ ہو یا غالبؔ کی خود پسندی، اقبال کا فلسفۂ خودی ہو یا فیض کا ترقی پسندانہ نظریۂ زندگی، دنیا کی بے ثباتی کا اظہار کسی نہ کسی صورت میں سب شعرا کے ہاں دکھائی دیتا ہے۔ چنانچہ صاحبؔ نے بھی اس روایت کی خوب پاسداری کی ہے۔

تبسم نہ کر اپنی ہستی پہ گل	جہاں میں جو آیا بہت کم رہا
خواب وخیال ہو گئے پیری میں سب مزے	اے عمرِ رفتہ یاد جوانی کی مت دلا

(Ibid,P.۱۵۷)

جارج فانتوم صاحبؔ کے کلام بالخصوص غزل میں مشرقی فارسی شاعری ہو یا اردو، دونوں کے فنی حسن اور اسلوبیاتی تاثیر کی ایک بنیادی وجہ تشبیہہ واستعارہ یا صنائع بدائع کا موزوں استعمال ہے۔ اکثر شعرا کے ہاں جغرافیائی حالات اور تہذیبی ماحول کے مطابق تشبیہات وصنائع بدائع تشکیل پاتے ہیں اس لیے اُن کی شاعری اُن کے عہد اور علاقے کی عکاس ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر فارسی شاعری پھولوں کے حسن و جمال اور رنگوں سے تشبیہات وصنائع بدائع کی ایسی دنیا تخلیق کرتی ہے جس کا بغور مشاہدہ کرنے سے پتہ چلتا ہے کہ یہ شاعری ایسے خطے کی ہے جہاں فطری حسن کی فراوانی ہے۔ بعینہٖ جارج فانتوم صاحبؔ کی شاعری کا جائزہ لیا جائے تو جا بجا ایسے اشعار سامنے آتے ہیں جن پر کسی مغربی شاعر کے بجائے مشرقی شاعر کے کلام کا گماں ہوتا ہے۔

تل تک نہیں ہے غیر محل اُس کے چہرے پر اُس مصحفِ شریف میں نقطہ نہیں غلط
اِس حسن عارضی پہ نہ کیجیے بہت گھمنڈ خورشید و ماہ کو بھی فلک پر لگا ہے داغ
آخرش پرسش کرے گا کوئی تو روز جزا جاؤں گا قاتل کی میں تصویر لے کر ہاتھ میں
آجا صنم کہ جاتی ہے فصلِ بہارِ عمر اس چلتی پھرتی چھاؤں کا کیا اعتبار ہے
(Ibid,P.۱۶۳،۱۶۶،۱۶۹)

ان شعری مثالوں سے جہاں جارج فانتوم صاحبؔ کا تخلیقی جوہر کھل کر سامنے آتا ہے وہاں یہ حقیقت بھی آشکار ہو جاتی ہے کہ انھیں مشرقی اسالیبِ شعر کا مکمل ادراک تھا۔ اُن کی اس خوبی کے پیشِ نظر ڈاکٹر طارق ہاشمی کی یہ رائے بجا معلوم ہوتی ہے:۔

> ''اردو کے یورپی اہلِ سخن کی شاعری خصوصاً غزل کا مطالعہ کیا جائے تو مشرقی صنائع شعر کا استعمال فراواں دکھائی دیتا ہے۔ وہ ان صنعتوں کو اسلوبِ شعر کا یوں حصہ بناتے ہیں گویا ان کے بغیر نہ صرف حسنِ بیاں میں کمی آجائے گی بلکہ اُن کے اظہار میں کوئی نقص واقع ہو جائے گا۔'' (طارق ہاشمی، ص۸۲)

اردو شاعری میں قومی، مذہبی اور معاشرتی تہواروں کے حوالے سے عوامی جذبات کی جتنی خوب صورت ترجمانی نظیرا کبرآبادی کے ہاں نظر آتی ہے اُس کی مثال دیگر اُردو شعرا کے ہاں کم ہی ملتی ہے چنانچہ بسنت، عید یا ہلالِ عید کے موضوع پر جارج فانتوم صاحبؔ کے بعض اشعار کا مطالعہ کرتے ہوئے جہاں نظیرا کبرآبادی کی یاد تازہ ہوجاتی ہے وہاں عوامی جذبات کی نمائندگی کا عکس بھی دکھائی دیتا ہے۔

سرسوں کے پھول بھیجے ہیں اُس نے مزار پر لائی ہے اب کے سال شگوفہ نیا بسنت

پردۂ چرخ سے ہے جھانک رہا عید کا چاند ہے مگر تجھ پہ مری جان فدا عید کا چاند
برسوں میں ہم کو نظر آتے ہو گا ہے گا ہے ماہرو تم کو تو کہنا ہے بجا عید کا چاند
(Saksena,P.۱۶۰،۱۶۱)

جارج فانتوم صاحبؔ کی شاعری میں مذہبی نظریات کی جھلک بھی صاف نظر آتی ہے لیکن یہ نظریات عیسائیت کے بجائے اسلام کے عکاس ہیں شاید اِس کی وجہ یہ ہے کہ ان کی ماں مسلمان خاتون تھیں۔شفقت رضوی نے اس ضمن میں لکھا ہے۔

''وہ خدا کا ذکر اہل اسلام کی طرح اسی عقیدت و احترام اور جذبۂ توحید سے کرتے ہیں کہیں بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعریف نصرانیوں کی طرح کی ہے نہ ان کو خدا کا بیٹا قرار دیا ہے برخلاف اس کے صفدرِ خیبر شکن، شیرِ خدا، مشکل کشا، شاہِ دستگیر حضرت علیؓ کے حضور سپاس گزار نظر آتے ہیں۔مسلمانوں کی عیدین کا حوالہ بھی جوش و مسرت کے ساتھ دیا گیا ہے۔چونکہ اُن کی ماں مسلمان تھیں اس لیے یقین کیا جا سکتا ہے کہ وہ بھی اسلام کی طرف راغب تھے۔'' (شفقت رضوی، ص،۱۳۹)

ثناخواں ہے ہر اک عالم فلک سے تا زمیں تیرا ہے برحق نام یا اللہ رب العالمیں تیرا
یا علی شیرِ خدا بہرِ جنابِ حسنین کمتریں بندۂ صاحبؔ پہ کرم ہوجائے
(ایضاً)

صاحب نہ وقتِ بد میں کسی سے ہو ملتجی میری مدد کو صفدرِ خیبر شکن ہے بس
لا تقنطو کو جان کے مایوس کیوں رہوں برباد گو فلک نے کیے خانماں تلک
(Saksena,P.۱۶۲،۱۶۵)

اُردو شاعری کے ارتقائی سفر کا جائزہ لیا جائے تو اکثر شعرا کے ہاں عشقِ مجازی بنیادی موضوع کے طور پر سامنے آتا ہے۔جارج فانتوم صاحبؔ کی شاعری میں بھی عشقِ مجازی کو مرکزیت حاصل ہے۔اُن کے نزدیک عشق مذہب کا درجہ اختیار کرتے ہوئے مقصدِ حیات بن جاتا ہے۔

تیری کس کس ادا کا کشتہ ہوں دلربائی کا ، ناز کا ، خُو کا
خدا کرنے نہ ہو مجھ سے وہ خود پسند جدا کسی کا ہووے کسی سے نہ دردمند جدا
(Ibid,P.۱۵۵،۱۵۸)

تسبیح کی طرف ہوں نہ زنّار کی طرف — مذہب ہے عشق میرا میں ہوں یار کی طرف
جب تک جیوں گا عشق کروں گا میں ناصحا — ہے عشق میرے واسطے اور میں برائے عشق
گزرے ہے جس کے دل پہ وہی جانتا ہے خوب — ناگفتنی ہے کیفیتِ ماجرائے عشق
(Ibid,P.۱۶۴)

مشرقی تہذیب اور مذہبی اقدار کے مطابق چونکہ معاشرتی سطح پر عشق مجازی کے اظہار اور شغل مے پرستی کو معیوب سمجھا جاتا ہے اس لیے مذہبی حدود و قیود میں زندگی گزارنے اور ترک دنیا کی تلقین کرنے والے ناصحوں کے ساتھ آزاد خیال شعرا کی نوک جھوک کا سلسلہ ہمیشہ جاری رہتا ہے

مہِ صیام ہوا تھا یہ حکمِ قاضی دیں — کہ اس مہینے میں رندوں کے گھر نہ جائے شراب
کس طرح جائے سر سے مرے اب ہوائے عشق — مُلکِ عدم سے آیا ہوں ناصح برائے عشق
(Ibid,P.۱۵۹،۱۶۴)

جہاں تک جارج فانتوم صاحبؔ کی شاعری کے فنی محاسن کا تعلق ہے تو اس حوالے سے بھی اُنھیں اردو زبان کے دیگر مغربی شعرا کے مقابلے میں انفرادیت حاصل ہے۔ وہ نادر تراکیب، عمدہ تلمیحات معروف محاورات، منفرد کہاوتوں اور مشکل ردیفوں کے استعمال سے اسلوب شعر کی ایسی تصویریں پیش کرتے ہیں جن سے قاری متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

وہ زرد پوش تیرے نہ آئے گا دام میں — ناحق نہ تُو ہتھیلی پہ سرسوں جما بسنت
ایک یوسف ہوا واں قید یہاں خلق اسیر — چاہِ کنعاں کو ہے کیا چاہِ ذقن سے نسبت
کوئی نہ بحرِ محبت میں غرق ہو مجھ سا — کسی پہ گزرے نہ یہ ماجرا خدا حافظ
ہاروت بھی اسیر ہے زہرہ کی چاہ میں — آتی نہیں فرشتہ کو بھی کچھ دوائے عشق
کیوں نہ مجھ کو رہے اُس ابروئے خمدار سے کام — جو سپاہی ہو اُسے رہتا ہے تلوار سے کام
جلوت میں غیر جاتے ہیں خلوت میں اُس کی ہم — باطن میں ہم زیادہ ہیں ظاہر میں سب سے کم
آنکھ بھی صاحبؔ نہیں مجھ سے ملاتے اب وہ لوگ — بات کہہ کر ہاتھ جو لیتے تھے ہنس کر ہاتھ میں
نہ کیوں کر صورت انساں میں ہو توقیر مٹی کی — ہوئی ہے نور سے مخروج یہ تصویر مٹی کی
تم چھیڑو مجھ کو میں بھی سمجھ لوں گا ایک دن — کہتے ہیں ''سو سنار کی اور اک لوہار کی''
(Ibid,P.۱۶۰ to ۱۷۳)

ان شعری مثالوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر ''دام میں آنا'' اور ''ہتھیلی پر سرسوں جمانا'' کو محاورہ کے طور پر برمحل استعمال کرنے سے خوب واقف ہے۔اسی طرح ایک کہاوت ''سو سنار کی اور اک لوہار کی'' اتنی عمدہ انداز میں استعمال ہوئی ہے کہ داد دیئے بغیر نہیں رہا جا سکتا۔مذکورہ خوبیوں کے علاوہ یوسف، ہاروت، زہرہ اور چاہِ کنعاں جیسی عمدہ تلمیحات یا چاہِ ذقن، بحر محبت، دوائے عشق، ابروئے خمدار ایسی نادر تراکیب بھی اپنی مثال آپ ہیں یہ تلمیحات و تراکیب نہ صرف جارج فانتوم صاحب کی شاعرانہ پختگی کی امین ہیں بلکہ اردو اور فارسی زبانوں پر اُن کی کامل دستگاہ کی بھی ضمانت دیتی ہیں۔اس حقیقت کے پیشِ نظر ڈاکٹر ذوالقرنین احمد (شاداب احسانی) کی یہ رائے کہ وہ ''اردو و فارسی دونوں زبانوں میں شعر کہتے تھے۔'' (ذوالقرنین احمد،ص ۶۴) صداقت پر مبنی معلوم ہوتی ہے۔

جارج فانتوم صاحب کی شاعری کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لینے سے پتہ چلتا ہے کہ مشرقی شعرائے اردو کی طرح وہ بھی تخلیق شعر کے معاملے میں سادہ اور روایتی طرزِ اظہار کو کافی نہیں سمجھتے تھے چنانچہ انھوں نے ایسے تمام فنی محاسن سے اپنے اشعار کو آراستہ کرنے کی کوشش کی جن سے تاثیرِ شعر یا اسلوبِ شعر میں اضافہ کیا جا سکتا ہے۔

مآخذ

۱۔ ذوالقرنین احمد، (شاداب احسانی) ڈاکٹر، ''کوئن فراسو۔حیات و خدمات'' (اشاعتِ اوّل)، کراچی، انجمن ترقی اردو، ۲۰۱۰ء

۲۔ سردار علی، محمد ''تذکرہ یورپین شعرائے اردو'' (طبع دوم) حیدر آباد، دکن، ادارہ اشاعتِ اردو، ۱۹۴۴ء

3. Saksena Ram Babu, "European & Indo European poets of Urdu& Persian" (Urdu Portion) Lahore Book Traders,1943

۴۔ شفقت رضوی، ''اردو کے یورپین شعرا'' (اشاعت اوّل)، کراچی، موڈرن پبلیشرز، ۱۹۸۱ء

۵۔ طارق ہاشمی، ڈاکٹر ''اردو کے مغربی شعرا اور مشرقی صنائع شعری''، مضمون، مشمولہ ''تحقیقات اردو جرنل'' (جنوری۔جون) اسلام آباد، ۲۰۱۱ء

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 36, Sr.No.101, 2015, pp 35 - 52

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۶، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۱۵ء، شمارہ ۱۰۱

کلام ہاشم شاہ کے اُردو تراجم

ڈاکٹر ثمن زاہد☆

Abstract:

Hashim Shah Tharpalvi is a famous and renowned Punjabi poet. His poetic renditions are in Persian, Urdu, Hindi and Punjabi languages. He gained international recognition owing to his story of Sassi and Dohas. Compassion, deep insight, mysticism and Punjabi language are salient features of his poetry. His work has been translated into many languages and liked on vast scale. This article discusses three of his verse translations done by Abdul Majeed Bhatti, Shafqat Tanveer Mirza and Sharif Kunjahi respectively. A comparative study of all these three translations has been made besides shedding light on his select Dohas.

Key words: Hashim Shah, Abdul Majeed Bhatti, Shafqat Tanveer Mirza and Sharif Kunjahi, Dr. Ismat Ullah Zahid, Sassi, Wehray, Baramah.

پنجابی زبان کے معروف شاعر اور رومانوی داستان سسی پنوں کے حوالے سے عالمی شہرت حاصل کرنے والے ہاشم شاہ کا اصل نام محمد ہاشم، تخلص ہاشم، ولدیت حاجی محمد شریف، گاؤں جگدیو کلاں کے رہنے والے تھے۔ ڈاکٹر لاجونتی رام کرشن نے ان کے والد گرامی کا نام قاسم تحریر کیا ہے۔[(1)] مگر تحقیق یہ بتاتی ہے کہ قاسم شاہ ان کے بھائی تھے۔ ہاشم شاہ نے خود اپنے والد کا نام حاجی الحرمین حاجی محمد شریف لکھا

☆ لیکچرار، گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، کوٹ خواجہ سعید، لاہور

ہے۔[2] ڈاکٹر لاجونتی رام کرشن[3] اور شمیم چوہدری[4] کی تحقیق کے مطابق ہاشم شاہ نے بڑھئی کے کام کو ذریعہ معاش بنایا مگر اس کے پہلو بہ پہلو حکمت سے بھی ان کو گہرا شغف تھا۔

مولا بخش کشتہ[4]، ڈاکٹر لاجونتی[5] اور شمیم چوہدری[6] کے مطابق ہاشم شاہ 1166 ہجری/ 1753ء کو موضع دیوکلاں ضلع امرتسر میں پیدا ہوئے جبکہ ماسٹر غلام نبی کے مطابق 1148 ہجری/ 1735ء کو مدینہ شریف میں پیدا ہونے والے ہاشم شاہ چار برس کی عمر میں اپنے والد کے ہمراہ جگدیو کلاں ضلع امرتسر آئے[7] اور پھر یہیں کے ہو رہے۔ ابتداء میں تصوف کی تعلیم اپنے والد سے پائی۔ شاعری کا ملکہ فطری تھا۔ عربی، فارسی، ہندی، اردو اور پنجابی زبان میں ان کی کتب سے بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ انھیں ان زبانوں پر عبور حاصل تھا۔

بابا بدھ سنگھ[8] اور موہن سنگھ دیوانہ[9] نے ہاشم شاہ کو مہاراجہ رنجیت سنگھ کا درباری شاعر قرار دیا ہے۔ انسائیکلو پیڈیا میں بھی درج ہے کہ ہاشم شاہ کو درباری شاعر ہونے کی بنا پر مہاراجہ رنجیت سنگھ نے موضع تھرپال میں جاگیر عطا کی تھی۔[10] مگر ڈاکٹر لاجونتی رام کرشن نے ہاشم شاہ کے درباری شاعر ہونے سے انکار کیا ہے۔[11] ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد کا خیال بھی یہی ہے کہ ہاشم شاہ کے کسی بھی شعر اور بیان سے اس مفروضے کی تصدیق نہیں ہوتی کہ ان کا کسی طور بھی رنجیت سنگھ کے دربار سے تعلق تھا۔[12]

جدید تحقیق کے مطابق ان کی مندرجہ ذیل کتب کا پتا چلتا ہے:

1- مثنوی ہاشم شاہ (فارسی مخطوطہ)، 2- دیوان ہاشم (فارسی مخطوطہ)، 3- بیاض ہاشم (فارسی مخطوطہ)، 4- کلیات ہاشم (فارسی مخطوطہ)، 5- قصائد (فارسی)، 6- غزلیات (فارسی مخطوطہ)، 7- مناجات، مدحیات (فارسی مخطوطہ)، 8- زبدۃ الرمل (فارسی)، 9- مثنوی یوسف زلیخا (فارسی مخطوطہ)، 10- قصہ سسی پنوں (پنجابی)، 11- قصہ سوہنی مہینوال، 12- قصہ شیریں فرہاد، 13- قصہ ہیر رانجھا، 14- قصہ محمود شاہ غزنوی، 15- قصہ لیلیٰ مجنوں، 16- سی حرفیاں، 17- کافیاں، 18- دوہڑے، 19- ڈیوڑھے، 20- باراں ماہ، 21- فقرنامہ، 22- گیان پرکاش، 23- گیان مالا، 24- پنج گرنتھی، 25- راج بنسی (ہندی)، 26- چہار بہار (فارسی نظم و نثر ملفوظات نوشہ گنج بخش)، 27- پوتھی حکمت، 28- کسب نامہ لوہاراں، 29- کسب نامہ ترکھاناں، 30- کسب نامہ حجاماں۔ وغیرہ

ہاشم شاہ سلسلہ نوشاہیہ میں اپنے والد حاجی محمد شریف صاحب سے بیعت تھے۔ وہ حضرت بخت جمال جھنگیؒ والے، وہ پیر محمد سچیار نوشہرویؒ اور وہ حضرت نوشہ گنج بخشؒ کے مرید تھے۔ ہاشم شاہ بانی سلسلہ ہونے کے ناطے حضرت نوشہ گنج بخشؒ سے کمال دلی عقیدت وارادت رکھتے تھے۔ جس کا اظہار انہوں نے چہار بہار کے آغاز میں ان الفاظ میں کیا ہے:

چہ خوش میخانہ و مے گنج بخش ست　　　خودی و گمرہی را رنج بخش ست
ہر آنکو جُرعہ خورد از جامِ نوشہ　　　شدہ منصور از انعامِ نوشہ
بداں زیں گنج بخش اُو را بگویند　　　بیابند از سگانش آنچہ جویند
نگاہش مفلساں را زر بہ بخشید　　　ہزاراں مضغہا را پر بہ بخشید

اکبر کے دین الٰہی سے پیدا ہونے والے فتنوں نے نوشہ صاحب کے عہد تک عوام کو متاثر کیے رکھا۔ آپ نے شاہ جہاں کے عہد میں ان بداثرات کو ختم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ہاشم نے آپ کی ان دینی خدمات کا ذکر یوں کیا ہے:

چناں ایں عالم از بدعت بری کرد　　　عروسِ فقر را زیور گری کرد
پرستندہ شریعت را چناں شد　　　نہالِ دینِ احمد زو جواں شد
چہ کرد آں شہپری و در ہوا شد　　　ہزاراں عارفاں را پیشوا شد
گذشت از عرصۂ ناسوت و لاہوت　　　کہ از پریدنش و ماند ملکوت
چناں آں آتش عشقش بزورست　　　ہراساں زد دل مجنوں بگورست
چہ ابر رحمتش بارید بر عام　　　بدریا طعن زن شد ہریکے جام
نگاہِ صیقلِ نوشہ قلندر　　　دلم را کرد آئینہ سکندر

اسی طرح ہاشم شاہ نے چہار بہار کے آغاز میں مناجات نوشہ گنج بخشؒ میں تحریر کیا ہے:

اے سرِ لشکر شہنشہ محی الدیں عالی جناب　　　درگردہ عاشقانِ بے ریا آں آفتاب
تاجدارانِ جہاں پشت نگوں سر بر رکاب　　　من گدا و بیکسم بے مایہ ام کن مستجاب
عرضِ من بہرِ خدا یا پیر نوشہ گنج بخشؒ (13)

ہاشم شاہ نے 1821ء میں تھر پال تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ میں وفات پائی۔ اسی گاؤں میں آپ کا مزار مرجع خلائق ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ ہاشم شاہ کی اکثر تحریریں آج بھی زیور طباعت سے آراستہ نہیں ہو سکیں جس کی وجہ سے ان کی ہشت پہلو شخصیت پوری طرح سامنے نہیں آ سکی۔ البتہ ان کی پنجابی زبان و ادب میں شہرت قصہ سسی پنوں کے خالق کی حیثیت سے ہوئی ہے اور یہ قصہ بے شمار مرتبہ پاکستان و ہند میں شائع ہو چکا ہے۔ یہاں تک کہ دونوں ملکوں میں اس کے حوالے سے پی ایچ-ڈی کی سطح پر کام سامنے آ چکا ہے۔ ہندوستانی پنجاب میں ڈاکٹر ہرنام سنگھ شان اور پاکستانی پنجاب میں ڈاکٹر ثریا احمد نے پی ایچ-ڈی کی ہے۔ قصہ سسی پنوں کے حوالے سے یہ کہنا بجا ہوگا کہ جس طرح قصہ ہیر رانجھا کے حوالے سے وارث شاہ، قصہ سیف الملوک کی وجہ سے حضرت میاں محمد بخش، قصہ سوہنی مہینوال کی نسبت سید فضل شاہ کو شہرت دوام ملی اسی طرح ہاشم شاہ کو ''سسی'' اور دوہوں کی تخلیق پر برصغیر پاک و ہند میں شہرت دوام حاصل ہے۔ ان کے ہاں جو درد و سوز، فکر کی گہرائی اور تخلیقی اُپج ہے اس کی بنا پر ہاشم شاہ کی شاعری کا دوسری زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ اُردو زبان میں اس کا ترجمہ کرنے والوں میں عبدالمجید بھٹی، شفیع عقیل، شفقت تنویر مرزا کے نام شامل ہیں۔ کلام ہاشم شاہ کے تراجم کے سلسلے میں سب سے پہلی کاوش کتاب خیابان پاک (1956ء)[14] کے نام سے نظر آتی ہے۔ اس کے مرتبین میں الطاف گوہر اور شان الحق حقی شامل ہیں۔ پہلی بار یہ کتاب مطبوعات پاکستان کراچی سے 1956ء میں شائع ہوئی۔ یہ کتاب پاکستانی زبانوں (علاقائی) کے معروف شعراء کے کلام کے منتخب حصوں کے اردو تراجم پر مشتمل ہے۔ اس میں بہت سے پنجابی شعرا کے کلام کے تراجم بھی شامل ہیں۔ ہاشم شاہ کے کلام کے بھی چند حصوں کے تراجم دو مختلف مترجم نے کیے ہیں۔

عبدالمجید بھٹی نے ہاشم شاہ کے پانچ دوہوں کا ترجمہ اردو نظم کی صورت میں کر کے اسے ''خیابانِ پاک'' کی زینت بنایا۔ اس کے بعد شفیع عقیل نے تین دوہوں کو ترجمہ کی صورت دی۔ ان میں سے ایک دوہے کے سوا باقی دو ایسے ہیں جو بعد میں ان کی کتاب ''پنجاب رنگ'' میں بھی شامل کیے گئے اس لیے ان کا ذکر ہم آخر الذکر کتاب کے ضمن میں کریں گے۔ البتہ عبدالمجید بھٹی کے ترجمے کا جائزہ لیتے ہیں۔

عبدالمجید بھٹی جو کہ اردو اور پنجابی کے بہت اچھے مترجم اور شاعر ہیں انہوں نے بہت سے شعرا کے کلام کو اردو نظم کا روپ دیا ہے۔ اسی خوبی نے ان سے ہاشم شاہ کے دوہوں کا ترجمہ بھی کروایا۔ اگرچہ یہ

ترجمہ منتخب حصوں کا ہے مگر اولیت کی بنا پر اہمیت کا حامل ضرور ہے۔ مترجم نے ترجمے کے ساتھ اصل متن نہیں دیا جس کے باعث یقیناً تجزیاتی مطالعے میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔

حقیقت یہ ہے کہ جب تک اصل متن سامنے نہ ہو ترجمے کا تاثر مضبوطی سے ابھر کر سامنے نہیں آتا اور نہ ہی شاعر کی شعری خوبیوں اور علمی و ادبی استعداد کا پتہ چلتا ہے۔ لہٰذا ہم ذیل میں ترجمہ کے ساتھ اصل متن بھی درج کریں گے تا کہ شاعر کے زبان پر عبور اور دیگر شعری محاسن کا اندازہ لگایا جا سکے اور ترجمے کے فکری و فنی معائب ومحاسن سامنے آسکیں۔

مثلاً اصل متن:

جب لگ ملے نہ تینوں جاگہ میں ہیر آہی البیلی
ہن میں چور ہوئی جگ سارے میرا تیں بن ہور نہ بیلی
چاکا چاک میرا دل کر کے ہن مت جا چھوڑ اکیلی
ہاشم دین الاہماں ماپے ہوئی ہیر رانجھن دی چیلی(15)

ترجمہ:

جب تک میں تجھ سے نہ ملی تھی ہیر تھی میں البیلی
اب میں جگ کی چور ہوئی نہیں تجھ بن کوئی بیلی
چاکا چاک مرا دل کر کے چھوڑ نہ مجھ کو اکیلی
''ہاشم'' دیں ماں باپ الہنے ہیر ہے تیری چیلی(16)

ترجمہ فکری حوالے سے بھی خوبصورت اور پنجابی متن کی نمائندگی کرتا ہے اور فنی سطح پر بھی رواں اور سادہ انداز بیان نظر آتا ہے۔ مترجم نے ایک اہم اور منفرد کام جو کیا ہے وہ یہ کہ قافیہ میں بھی اصل متن کی مکمل پیروی کی ہے جس سے ترجمہ اصل کی فضا سے قریب محسوس ہوتا ہے۔ ہر بند کے اوپر مترجم نے اس کے مضمون کے حوالے سے عنوان بھی قائم کیا ہے جیسا کہ درج بالا بند کا عنوان ہے ''چاہت'' دوسرے دوہے کا عنوان باندھا ہے ''شرطِ وفا''۔

ہاشم شاہ کے کلام میں جو سادہ اور عام فہم زبان، محاوروں کی چاشنی اور نادر تشبیہات واستعارے ملتے ہیں ان کو مترجم نے ان پانچ دوہوں کا ترجمہ کرتے ہوئے حتی الامکان صاف، شستہ اور سلیس اردو میں منتقل کرنے کی سعی کی ہے تا کہ کہیں بھی مفاہیم میں ابہام نہ رہے۔ کہیں کہیں پنجابی الفاظ کا استعمال بھی ترجمے میں

کیا ہے مگراس سے رکاوٹ پیدانہیں ہوتی بلکہ حسن بیان میں اضافہ ہوا ہے۔

گویا فکری وفنی حوالوں سے یہ ترجمہ معیار کی حدوں کو چھوتا محسوس ہوتا ہے عبدالمجید بھٹی نے ہاشم شاہ کے کلام میں موجود کیفیات اور باطنی فضا کا پہلے مکمل ادراک کیا ہے اس کے بعد اسے آسان اور موثر پیرائے میں اردو نظم کا روپ عطا کیا ہے۔ مترجم نے قاری کے لیے ہاشم شاہ کی فکر اور پیغام کو بڑے دلکش اور ادبی رنگ میں پیش کیا ہے اس لیے ہم اسے بہتر اور معیاری ترجمہ کہہ سکتے ہیں۔

کلام ہاشم کے تراجم کے ضمن میں دوسری کاوش کتاب ''پنجاب رنگ'' ہے جسے شفیع عقیل نے مرتب کیا۔ اس میں قدیم پنجابی شعراء کے کلام کے منتخب حصوں کو اردو نظم کے قالب میں ڈھالا گیا ہے۔ دیگر شعراء کی طرح ہاشم شاہ کے کلام میں بھی چند دوہوں کا ترجمہ کیا ہے۔ ترجمے سے پہلے شاعر کا مختصراً تعارف پیش کیا گیا ہے۔ اس کے بعد صفحہ 76 اور 77 پر ان کے دس دوہڑوں کا ترجمہ کیا ہے۔ اصل متن ساتھ نہیں دیا بلکہ صرف ترجمہ لکھا ہے۔

مترجم نے کمال فنکاری سے ترجمہ کیا ہے۔ ان دوہروں میں وہ تین بند بھی شامل ہیں جو شفیع عقیل نے اس کتاب سے پہلے ''خیابانِ پاک'' میں شائع کروا دیئے تھے۔ بعد ازاں زیر نظر کتاب میں شامل کر دیئے۔ ہاشم شاہ کے ان دس دوہوں کا تجزیاتی مطالعہ کرنے کے لیے اصل متن کا سامنے ہونا ضروری ہے اسی لیے ہم کلام ہاشم شاہ کا مستند مانا جانے والا نسخہ ''ککارے'' مرتبہ فقیر محمد فقیر مدنظر رکھیں گے اور اصل متن وہیں سے شامل کریں گے۔ مثلاً اصل متن ہے:

کتھے شاہ سکندر دارا، اتے جام گیا کت جم دائے
تھڑکن دیو جنہاں دی تیغوں اتے ڈھول پیانت کم دا
ڈھونڈیاں خاک تنہاں نہیں لھبدی اوہ جگت برا گھر غم دا
ہاشم جان غنیمت دم نوں بھلا کیا بھروا سا دم دا(17)

اردو ترجمہ:

کہاں سکندر کہاں ہے دارا، جام کہاں ہے جم کا
جن کی تیغ سے دیو بھی کانپیں دل دہلے رستم کا
ان کی راکھ ملے نا ڈھونڈے دنیا ہے گھر غم کا
ہاشم جان غنیمت جانو نہیں بھروسہ دم کا(18)

مترجم نے بہت خوبصورتی اور کمال فنکاری سے ہاشم شاہ کی ہی بحر استعمال کی ہے۔شاعر کے کلام کے اصل رنگ و آہنگ کو اردو زبان میں ڈھالتے ہوئے مہارت اور فنی چابکدستی کا ثبوت دیا ہے۔ ترجمہ پڑھ کر شاعر کی فکر کا ہر پردہ قاری پر کھلتا نظر آتا ہے اور جو پیغام شاعر انسانیت تک پہنچانا چاہتا ہے اس کو مکمل طریقے سے اردو زبان کا روپ مترجم نے عطا کیا ہے۔

درج بالا اور دیگر امثلہ کو دیکھیں تو تلمیحات کے ساتھ بہت سے دوسرے الفاظ بھی مترجم نے وہی استعمال کیے ہیں جو اصل متن میں موجود ہیں مثلاً سکندر، دارا، جام، جم، تیغ، دم وغیرہ۔گویا مترجم نے تھوڑی بہت تبدیلی کے ساتھ بآسانی اصل متن کو ترجمے کا روپ دے دیا ہے اس لیے ترجمہ میں بھی قاری پر وہی تاثر مرتب ہوتا ہے جو اصل متن کے پڑھنے سے ہوتا ہے۔

ایک اور مثال دیکھیں، پنجابی متن:

زہد عبادت چاہے ویکھے، نہیں ہرگز دھیان نہ کردا
شاہ منصور چڑھایو سو سُول اتے یوسف کیتا بردا
کس گل دے وچ راضی ہووے کوئی بھیت نہیں ایسا بردا
ہاشم بے پرواہی کولوں میرا ہر ویلے جیو ڈردا(19)

ترجمہ:

زہد عبادت وہ نہ دیکھے ، جی چاہے من جائے
یوسف کو بِکوائے اور منصور کو دار چڑھائے
کس کس بات میں راضی ہے وہ بھیت کوئی نہ پائے
ہاشم اس کی بے پرواہی ہر دم جی دہلائے(20)

مترجم نے پہلے مصرعے کے ترجمہ میں تھوڑی سی تبدیلی کی ہے۔شاعر نے لکھا ہے کہ ’’ہرگز دھیان نہ کردا‘‘ جب کہ مترجم نے ترجمہ یوں کیا ہے ’’جی چاہے من جائے‘‘۔غالباً قافیہ نبھانے کے لیے مترجم نے یہ الفاظ استعمال کیے ہیں ورنہ باقی سب مصرعوں میں اصل متن کی روح کے بہت قریب ہے، کہیں بھی کوئی سقم یا ابہام نظر نہیں آتا۔

مجموعی طور پر شفیع عقیل کے اس ترجمے کے جائزے سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے بڑی حد تک شاعر کے افکار اور ان میں موجود کیفیات کو واضح اور عام فہم انداز میں قاری تک پہنچایا ہے۔اگرچہ یہ

جزوی ترجمہ ہے مگر فکری وفنی محاسن کی بنا پر تراجم کی روایت میں اہمیت رکھتا ہے۔

کلام ہاشم کا تیسرا اہم ترجمہ ''ہاشم شاہ (منظوم اردو ترجمہ)'' ہے جس کے مرتب/ مترجم پنجابی زبان کے نامور شاعر مترجم اور نقاد شفقت تنویر مرزا ہیں۔ انہوں نے اکثر پنجابی صوفی شعرا کے کلام کا اردو میں منظوم ترجمہ کیا ہے ترجمہ نگاری کی اسی روایت کو آگے بڑھاتے ہوئے انہوں نے ہاشم شاہ کے کلام کو بھی اردو نظم کا روپ دیا ہے ان کا یہ ترجمہ ''ہاشم شاہ منظوم اردو ترجمہ'' کے نام سے کتابی صورت میں 1979ء میں منظر عام پر آئی اسے لوک ورثہ کا قومی ادارہ اسلام آباد کی جانب سے شائع کیا گیا۔

دوسو تیرہ (213) صفحات پر مشتمل اس کتاب میں ہاشم شاہ کے 195 بندوں کا ترجمہ موجود ہے اس کے ساتھ ساتھ مترجم نے قصہ سسی پنوں کے (20) بیس بند اور قصہ سوہنی مہینوال کے صرف 13 بندوں کا ترجمہ کیا ہے جب کہ اصل قصہ سسی پنوں کے کل 124 بند اور قصہ سوہنی مہینوال کے 157 بند ہیں گویا مترجم نے زیرِ نظر کتاب میں اختصار سے کام لیا ہے اور مخصوص بندوں کے تراجم کیے ہیں۔ علاوہ ازیں ایک سی حرفی اور مدح غوث الاعظم کا ترجمہ بھی شامل ہے۔

مترجم نے اس بات کی نشاندہی کہیں بھی نہیں کی کہ ترجمہ کرتے ہوئے ان کے پیش نظر ہاشم شاہ کے کلام کا کون سا نسخہ رہا ہے البتہ اس ترجمے کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے ڈاکٹر فقیر محمد فقیر کا مرتب کردہ ہاشم شاہ کا کلام ''کارے'' بڑی حد تک پیش نظر رکھا ہوگا کیونکہ ترجمے میں اصل متن کی ترتیب، زبان اور الفاظ تقریباً وہی ہیں جو ''کارے'' میں موجود ہیں۔ تاہم مترجم نے جو سرفی اور مدح غوث الاعظم کا ترجمہ شامل کیا ہے وہ فقیر محمد فقیر کے مرتب کردہ نسخے میں موجود نہیں ہے۔

شفقت تنویر مرزا کا یہ ترجمہ بھی اگرچہ ہاشم شاہ کے مکمل کلام کا ترجمہ نہیں مگر دیگر تمام مترجمین کے مقابلے میں بہت زیادہ اور اہم ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ باقی مترجمین نے محض دو، چار یا زیادہ سے زیادہ دس بندوں کا اردو نظم میں ترجمہ کیا ہے۔

زیرنظر کتاب کے آغاز میں ''پہلی بات'' پھر ''ہاشم شاہ۔ زندگی، فن'' اور '' کچھ ترجمے کے بارے میں'' کے عنوانات سے بالترتیب مظہر الاسلام اور شفقت تنویر مرزا کی تحریریں موجود ہیں۔ صفحہ 21 سے ترجمہ کا آغاز ہوتا ہے۔ پنجابی متن اور ترجمے آمنے سامنے صفحات پر دیا گیا ہے۔

اس ترجمے کے فکری وفنی پہلوؤں کا بغور جائزہ لیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ مترجم نے بڑی حد تک شاعر کے کلام میں موجود اسرار ورموز کو سمجھ کر ترجمہ کیا ہے انہوں نے لفظی ترجمہ کرنے کی بجائے اصل متن

کی روح کو اس کی گہرائی سمیت ترجمے میں ڈھالنے کی سعی کی ہے اسی لیے اصل متن میں موجود کیفیات اور باطنی فضا کو ترجمے کا حصہ بنانے میں وہ بہت کامیاب نظر آتے ہیں۔ پنجابی متن:

واگ وائے جا تخت ہزارے ول جائیں برا خدائی
ہیر نلاج نمانی ول دا کوئی دیئیں سنہیا جائی
دو دن چار مہیں میاں رانجھا تھد کیتی بہت کمائی
ہاشم سار دکھاں دی جانے جنہاں ون ون چوٹ سوائی

ترجمہ:

بہر خدا اے بادِ صبا، جا جانب تخت ہزارے
ہیر حقیر فقیر کا لے پیغام جا اس کے دوارے
دو دن بھینیس چار چرائیں رانجھے کاج سنوارے
ہاشم دکھ وہی جانے جس کونت ہی چوٹ وہ مارے(21)

درج بالا ترجمے کو پڑھ کر یقیناً مترجم کو داد دینے کو جی چاہتا ہے کیونکہ اصل متن کے مفاہم کو بڑے خوبصورت طریقے ان کی گہرائی سمیت اردو ترجمے کی شکل میں ڈھالا گیا ہے لہٰذا پنجابی متن سے قربت اختیار کرنے کی کوشش کی ہے۔

مترجم نے ترجمہ کرتے ہوئے بحر بھی شاعر کے کلام والی ہی استعمال کی ہے جس میں پنجابی رنگ و آہنگ بدرجۂ اتم موجود ہے۔ آسان اور سادہ زبان کا استعمال کرنے کا رجحان اس ترجمے میں حتی الامکان ملتا ہے مترجم نے بڑی کامیاب کے ساتھ عام فہم اور رواں انداز بیان اختیار کیا ہے۔ دقیق الفاظ و تراکیب بہت کم نظر آتے ہیں۔ کہیں کہیں (اگرچہ بہت کم مقامات پر) شاعر کے ہاں مستعمل الفاظ ہی ترجمے میں استعمال کر کے اصل متن کی سی فضا کو برقرار رکھا ہے۔ قافیوں کا دلکش التزام پورے ترجمے کا خاصہ ہے بعض دوہوں میں پنجابی تراکیب، علامات، تشبیہات و استعارات کو بڑی محنت اور دلکشی سے متبادل اردو الفاظ میں ڈھالا ہے۔ جس سے نہ صرف مفاہیم کا ابلاغ بھرپورے طریقے سے ہوا ہے بلکہ ترجمے کے فنی حسن اور پختگی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔

پنجابی متن:

ہاشم نال حمایت ازلی ہر اک چتر کہاوے(22)

ترجمہ:

ہاشم ہو تقدیر کا ساتھ تبھی عاقل کہلائے(23)

پنجابی متن:

یا کر ہار سنگھار پیارے سکھ ناز نیاز زنانے
یا بن مرد فتح کر دشمن گھت سر وچ خاک میدانے

ترجمہ:

عشوہ و ناز زنانہ دکھا اور کر لے ہار سنگھار
یا بن مردِ میداں، خاک بسر ہو دشمن مار(24)

گویا درج بالا مثالوں میں شعر کے حسن کے ساتھ ساتھ تاثر متن بھی نظر آتا ہے اور مترجم نے موزوں اور خوبصورت اردو الفاظ تلاش کر کے اصل متن کو ترجمہ کے قالب میں ڈھالا ہے۔

ترجمے میں موجود ان خوبیوں کے ساتھ ساتھ کچھ کمیاں اور اسقام بھی نظر آتے ہیں جن کے باعث کہیں کہیں ترجمے اور اصل متن میں تفاوت یا بعد نظر آتا ہے۔ چند ایک دوہوں کے تراجم میں مفہوم یا تو بدل گیا ہے یا اس میں ابہام کی کیفیت محسوس ہوتی ہے۔ ایسی مثالیں اگرچہ بہت زیادہ نہیں ہیں مگر ترجمے کے تاثر اور معیار میں کمی ضرور لاتی ہے۔

متن:

مجنوں سوز لیلیٰ دے جلیا اوہنوں کھان گوشت کد سُنجھدا
ہاشم عشق کہے جگ جس نوں بھلا کون کسے کول پجدا

ترجمہ:

دنیا بے مطلب مجنوں کو جو عشق کی آگ جلے
ہاشم عشق کہے جسے دنیا کبھی راس نہ آئے بھلے

ترجمے کے پہلے مصرعے میں بھی تھوڑا سا ابہام پایا جاتا ہے۔ ہاشم شاہ نے لکھا ہے کہ مجنوں لیلیٰ کے عشق کی آگ میں اس قدر جل چکا ہے کہ اسے گوشت کھانے یعنی عیش و آرام کا کب خیال آ سکتا ہے؟ جب کہ مترجم نے مفہوم میں موجود اس گہرائی کا ادراک نہیں کیا اور لکھا ہے کہ مجنوں جو عشق کی آگ میں جلتا تھا اس کے لیے دنیا بے مطلب ہے گویا مفہوم کسی قدر مہمل ہے پھر دوسرے مصرعے میں بھی مترجم نے

ٹھوکر کھائی ہے کیونکہ متن میں مضمون کچھ اور ہے جب کہ ترجمے میں کچھ اور ہے۔

اصل متن میں ہے کہ دنیا جس کو عشق کہتی ہے اس معیار پر کون پورا اترتا ہے جب کہ مترجم نے ترجمہ کیا ہے کہ جس کو دنیا عشق کہتی ہے وہ کسی کا راس نہیں آتا۔ گویا اصل اور ترجمے میں خاصا بعد اور تضاد نظر آتا ہے۔ ایک مصرعہ اور اس کا ترجمہ دیکھیں:

متن:

یا کچھ واؤ وگی کلجگ دی کوئی جھاک منزول آیا

ترجمہ:

hیا پھر چلی ہوا کلجگ کی جی اس نے ہم سے اٹھایا(25)

شاعر نے اس مصرعے میں کہا کہ زمانے کی ہوا کچھ ایسی چلی کہ محبوب نے کسی اور کو دل میں بٹھا لیا ہے جب کہ مترجم نے لکھا ہے کہ زمانے کی ہوا کچھ ایسی چلی کہ محبوب نے ہم سے دل اٹھا لیا ہے۔ گویا ترجمے میں مفہوم اصل متن سے دور ہو گیا ہے اور کچھ سے کچھ بن جاتا ہے۔ اس طرح کے چند نقائص ترجمے میں موجود ہیں۔ چند ایک مصرع اسی حوالے سے اور ملاحظہ ہوں۔ جن کے تنقیدی مطالعے سے واضح ہو جاتا ہے کہ اصل متن اور ترجمے میں کتنا فاصلہ اور ابہام ہے۔

متن:

میرا حال پچھانے مجنوں جس دکھ لیلیٰ دا جریا

ترجمہ:

میرے حال کو محرم مجنوں، لیلیٰ کا سودائی

اب اس مصرعے میں دیکھیں تو مجنوں نے لیلیٰ کا دکھ برداشت کیا اور لیلیٰ کا سودائی مجنوں میں بڑا واضح فرق موجود ہے۔

متن:

ہاشم نیند اوگھاڑ سویرے نہیں دسدا بکھیڑا

ترجمہ:

صبح کے ہوتے مشکل ٹھہرے ہاشم نیند کا ڈیرا

اس میں بھی مفہوم اصل سے بالکل ہٹ کر کیا گیا ہے شاعر کا مطلب ہے کہ ہاشم صبح سویرے

اٹھ جا نہیں تو یہ سونا (یعنی غفلت) تجھے کسی بکھیڑے میں مبتلا کر دے گا جب کہ مترجم اس کا ادراک نہیں کر سکے اور ترجمہ بالکل الٹ کر دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ صبح ہونے کے بعد انسان کے لیے سونا محال ہو جاتا ہے'' گویا مفاہیم کی سطح پر کمزور ترجمہ کیا گیا ہے۔

فکری سطح پر چند اغلاط یا کمیاں شفقت تنویر مرزا کے ہاں ضرور نظر آتی ہیں۔مگر مجموعی طور پر یہ ایک معیاری ترجمہ ہے۔مترجم نے بہت خوبصورت انداز میں پنجابی الفاظ وتراکیب کو ادبی اردو زبان میں تبدیل کر کے شاعر کا مافی الضمیر بیان کیا ہے۔اردو زبان میں اچھے اور شستہ الفاظ کے ساتھ عام فہم اور سادہ انداز اختیار کیا ہے اور بیشتر تراجم میں ہاشم شاہ کی سوچ اور لب و لہجے کے وقار کو قائم رکھا ہے یہ مترجم کی سب سے بڑی کامیابی ہے۔شفقت تنویر مرزا کے سوا کسی بھی مترجم نے اتنی بڑی تعداد میں ہاشم شاہ کے کلام کا اردو ترجمہ نہیں کیا لہٰذا اس حوالے سے بھی انہیں اہمیت حاصل ہے۔تاہم فکری وفنی دونوں حوالوں سے اس ترجمے کے ذریعے شاعر کے کلام کی نمائندگی ہوتی ہے۔کہیں کہیں معمولی سی کمی اور کسک محسوس ہوتی ہے۔اگر مترجم اس پر تھوڑی سی اور توجہ اور محنت کرتے تو یقیناً یہ مزید خوبصورت اور معیاری ترجمہ بن سکتا تھا۔

اس کے بعد ہاشم شاہ کے چند دوہوں کا قابل ذکر ترجمہ ''پنجابی شاعری سے انتخاب''[26] نامی کتاب میں شامل ہے۔جو معروف پنجابی شاعر شریف کنجاہی کی کاوش ہے۔

شریف کنجاہی نے پنجابی کے قدیم اور جدید 177 شعرا کے منتخب کلام کو اردو نظم میں ڈھالا ہے تاکہ پنجابی شاعری سے ناواقف لوگ بھی ان شاعروں کے کلام، پیغام اور افکار و خیالات سے مستفیض ہو سکیں۔

یہ ترجمہ ''پنجابی شاعری سے انتخاب مع منظوم اردو ترجمہ'' کے نام سے 1983ء میں اکادمی ادبیات پاکستان اسلام آباد کی جانب سے شائع کیا گیا۔ ہاشم شاہ کے کلام سے پانچ دوہوں کا انتخاب کر کے ترجمہ کیا گیا ہے جو کہ معیار کے اعتبار سے عمدہ ہے۔کتاب کے ایک صفحہ پر پنجابی متن اور مقابل میں دوسرے صفحے پر ترجمہ لکھا ہے۔

مثلاً پہلا دوہہ یوں ہے:

راہی یار رانجھن نوں آکھیں کوئی حال اساڈے درداں
چڑک جوگ کمائے جے تو جان تلی پر دھر دوں

مرزے یار وانگوں دن اکسے یا ملدوں یا مردوں
ہاشم شاہ اج جان بچاویں جاں توں نیوں نہ کردوں[27]

ترجمہ:

راہی رانجھن ساجن کو جا کہنا بیتا برتا
جب تک جوگ کمایا گر تو جان تلی پر دھرتا
مرزے کی مانند اک دن تو یا ملتا یا مرتا
ہاشم شاہ اب جان بچائے پہلے پیار نہ کرتا[28]

ترجمہ اچھا اور عمدہ ہے۔ مترجم نے شاعر کی فکر کی وسعت کو اچھی طرح بھانپ کر اسے ترجمے کی شکل دی ہے۔ پھر اردو الفاظ وتراکیب بھی بے ساختہ اور خوبصورت طریقے سے اختیار کی ہے۔ مثلاً پہلے مصرعے کا ترجمہ کرتے ہوئے لفظ ''بیتا برتا'' استعمال ہوئے ہیں جن میں بہت وسعت ہے یعنی ''جو کچھ ہم پر بیتی ہے اور جو حالات وواقعات ہم پر گزرے ہیں۔ ان سب کا حال احوال رانجھن سے بیان کرنا۔'' اسی طرح ''یاملدوں یا مردوں'' کا ترجمہ ''یا ملتا یا مرتا'' کیا ہے جو کہ اصل متن کے مفاہم کی مکمل نمائندگی کرتا ہے۔ اسی طرح آخری مصرعے میں ''توں نیوں نہ کردوں'' کا ترجمہ مترجم نے پہلے ''پہلے پیار نہ کرتا'' کیا ہے جس میں یقیناً فصاحت و بلاغت نظر آتی ہے اور اصل متن کی ترجمانی اور جذبات کی عکاسی کرتا ہے۔ مترجم نے بحر بھی شاعر کی ہی استعمال کی ہے۔

دراصل بہتر اور مناسب ترجمہ وہی ہوتا ہے جس میں اصل متن میں پائے جانے والے افکار، خیالات، جذبات و کیفیات کی مکمل ترسیل ہو سکے اور قاری اس سے بالکل متن کی طرح سے ہی محظوظ ہو سکے۔ زیرِ نظر ترجمے میں یہ خوبیاں موجود ہیں۔ یہ ترجمہ نگاری کے فنی معیار پر پورا اترتا ہے جو خوبیاں متن کے اندر موجود ہیں کم وبیش وہی ترجمے میں نظر آتی ہیں۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ مترجم نے متن کے قریب قریب رہنے کی کوشش کی ہے۔ صرف ٹھیٹھ پنجابی الفاظ کو اردو کے قالب میں ڈھالا ہے باقی متن کا ڈھانچہ جوں کا توں رہنے دیا ہے۔ مثلاً:

دلبر یار کہی تدھ کیتی میرے سانس لباں پر آئے
ظاہر کراں ہووے جگ رسوا تے ہویا خموش نہ جائے

میں کر شرم وڑاں وچ ویہڑے تے برہوں ڈھول وجائے
ہاشم فیل وڑے جس ویہڑے کجھرک کوئی ٹکائے(29)

ترجمہ:

دلبر یار بھلی کی تو نے سانس لبوں پر آئے
ظاہر کرنے میں رسوائی ہونٹ سیا کب جائے
میں لج ماری اندر بھاگوں ڈھول فراق بجائے
ہاشم فیل آنگن میں آیا کب تک کوئی چھپائے(30)

اس میں مترجم نے ''کہی تدھ'' کو ''کی تو نے''، ''خموش'' کو ''ہونٹ سیا''، ''شرم'' کو ''لج''، ''برہوں'' کو ''فراق''، اور ''ویہڑے'' کو ''آنگن'' میں تبدیل کر کے باقی ڈھانچہ اصل متن والا ہی قائم رکھا ہے اور ترجمہ کر دیا ہے۔ یہ یقیناً ترجمہ نگاری کا آسان ترین طریقۂ کار ہے مگر اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ مترجم کو کوئی محنت نہیں کرنا پڑی۔ درج بالا مثال میں اور دیگر تراجم میں بھی مترجم نے قافیہ بھی اصل متن والا ہی قائم کیا ہے جس کے لیے یقیناً عرق ریزی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس قسم کے ترجمے میں وہی رچاؤ، تہذیب و تمدن، حسن اور وہی مضمون قائم رہتا ہے جو کہ اصل متن کا خاصہ ہوتے ہیں اور مترجم اصل مرکز سے دور نہیں ہٹنے پاتا۔ شریف کنجاہی نے بھی طریقۂ مستعار (Borrowing) سے کام لیتے ہوئے اسی قسم کا ترجمہ کیا ہے اور سادگی و دلکشی کے ساتھ بآسانی پنجابی متن کو اردو جامعہ پہنا دیا ہے۔

لہٰذا یہ ترجمہ فکری اور فنی دونوں پہلوؤں سے شاعر کی فکر کی مکمل ترجمانی کرتا ہے۔ اگرچہ جزوی ترجمہ ہے مگر اپنی خاصیوں کی بنا پر دیگر تراجم کی نسبت بہت اہم اور معیاری ہے۔

ان تمام تراجم کے تقابلی مطالعہ کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ کلام ہاشم شاہ کے منظوم تراجم کی فہرست اگرچہ بہت طویل نہیں مگر جس قدر بھی ہیں وہ اہم ہیں تمام کاوشیں جزوی ہیں مگر شفقت تنویر مرزا اس حوالے سے اولیت اور اہمیت رکھتے ہیں کہ انہوں نے اتنی زیادہ تعداد میں شاعر کے دوہوں، سی حرفی اور مدح غوث الاعظم کا منظوم ترجمہ کیا ہے۔ ان کے علاوہ دیگر مترجمین نے محض تین یا پانچ دوہوں کے تراجم پر اکتفا کیا ہے۔

فکری و فنی محاسن کے حوالے سے بھی تنویر مرزا کا ترجمہ معیاری ہے مگر شریف کنجاہی کا ترجمہ منتخب ہونے کے باوجود دیگر تراجم کے مقابلے میں عمدہ ہے اور ترجمہ نگاری کے تمام اصولوں کا نبھاتا ہے۔

یہ ترجمہ ان اوصاف کا عکس اپنے اندر لیے ہوئے ہے جو ہاشم شاہ کے کلام کا طرۂ امتیاز ہیں۔اسی لیے یہ سب سے بہتر اور خوبصورت ترجمہ ہے۔

ہاشم شاہ کے کلام کا نثری ترجمہ:

ہاشم شاہ کا نام اور مقام اگرچہ پنجابی صوفیانہ شاعری کے حوالے سے بہت اہم ہے مگر ایک پہلو جو تحقیق کے دوران سامنے آتا ہے کہ ان کو دیگر صوفی اور قصہ گو شعراء کے مقابلے میں بہت کم پڑھا گیا اور ان کے کلام کی جملہ خوبیاں بھی کھل کر عوام کے سامنے نہیں آسکیں اسی باعث ان کو وہ مقبولیت اور ہر دلعزیزی حاصل نہ ہوسکی جس کے وہ حق دار تھے۔

شاید یہی وجہ ہے کہ مترجمین بھی ان کے کلام کے تراجم پر اس طرح توجہ نہیں دے سکے جس طرح دیگر شعراء کے کلام پر دی گئی ہے اور ہاشم شاہ کے کلام کے چند منظوم تراجم تو مل جاتے ہیں مگر نثری ترجمہ کی صرف ایک ہی کاوش نظر آتی ہے وہ بھی جزوی طور پر کی گئی ہے۔

''کلامِ صوفیاء''[31] کے نام سے چھپنے والی کتاب میں ہاشم شاہ کے پانچ دوہوں کا نثری ترجمہ کیا گیا ہے۔ یہ کتاب فیملی پلاننگ ایسوسی ایشن لاہور کی جانب سے 1993ء میں شائع ہوئی۔اس کے اندر چاروں صوبوں کے شعراء کے کلام کے منتخب حصوں کو مختلف مترجمین نے اردو نثری روپ دیا ہے۔ پنجابی صوفی شعراء کے کلام کا نثری ترجمہ ڈاکٹر عصمت اللہ زاہد نے کیا ہے۔

ہاشم شاہ کے پانچ دوہوں کا ترجمہ کرنے سے پہلے ان کا مختصر تعارف دیا ہے پھر شاعر کا کلام لکھ کر اردو نثر میں ترجمہ کیا ہے۔پچھلے صفحات میں ہم عصمت اللہ زاہد کے دیگر شعرا کے کلام کے تراجم پر تنقیدی نگاہ ڈال چکے ہیں جس سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے شاعروں کی فکر کی گہرائی کو سمجھ کر آسان زبان میں عام قاری تک پہنچایا ہے۔یہی انداز زیرِنظر ترجمے میں بھی ملتا ہے۔ ہاشم شاہ کا دوہہ ہے:

پچھ پچھ پوے نہ بپتا مولے اتے پچھ پچھ ہون نہ روگی
لکھیا لیکھ کرے سرگرداں کیا جوگی کیا بھوگی
سوکس طور بنے سکھیارا جس لیکھ لکھایا سوگی
ہاشم لیکھ بناوے سوگی اتے لیکھ بناوے جوگی[32]

ترجمہ: ''دکھ، تکلیف یا مصیبت کسی سے پوچھ کر نہیں آتے بلکہ قسمت ہی انسان کو سرگرداں رکھتی ہے جس کی قسمت میں دکھیا ہونا لکھا ہو وہ سکھی کیسے رہ سکتا ہے۔اے ہاشم قسمت ہی انسان کو افسردہ

کرتی ہے اور قسمت ہی اسے خوشی مہیا کرتی ہے۔،،(33)

ترجمہ پڑھ کر اصل متن کا مکمل مفہوم اور شاعر کی فکر واضح طور پر پڑھنے والے کے سامنے آجاتی ہے اختصار کے ساتھ ساتھ آسان اور سہل انداز تحریر بھی اختیار کیا ہے مگر مختصر ترجمہ کرتے کرتے چند ایک کمزوریوں کا شکار بھی ہوئے ہیں۔

مثلاً درج بالا مثال میں انہوں نے چند ایک اہم الفاظ کا ترجمہ ہی نہیں کیا جیسا کہ پہلے مصرعے میں ''روگی'' اور دوسرے مصرعے کا آخری حصہ ''کیا جوگی کیا بھوگی'' کا ترجمہ چھوڑ دیا ہے، علاوہ ازیں آخری مصرعے میں ہاشم شاہ نے کہا ہے کہ:

ہاشم لیکھ بناوے سوگی اتے لیکھ بناوے جوگی

جب کہ ترجمہ ہے:

''ہاشم قسمت ہی انسان کو افسردہ کرتی ہے اور قسمت ہی اسے خوشی مہیا کرتی ہے۔''

ایک نقاد کی نگاہ سے دیکھا جائے تو یہ ترجمہ کچھ کھٹکتا ہے اور کمزور محسوس ہوتا ہے۔ مترجم نے یہ تو لکھا ہے کہ ''قسمت ہی انسان کو افسردہ کرتی ہے'' مگر دوسرے حصے کا ترجمہ حذف کر کے یہ لکھ دیا ہے کہ ''قسمت خوشی و مسرت مہیا کرتی ہے'' حالانکہ اصل مطلب یہ بنتا ہے کہ قسمت کے باعث ہی ایک اچھا بھلا انسان جوگ اختیار کر لیتا ہے۔ لفظ ''جوگی'' کا مطلب ہرگز خوشی و مسرت نہیں بلکہ تیاگ ہے۔

مترجم نے اگرچہ کہیں کہیں چند الفاظ کے تراجم نظر انداز کر دیئے ہیں مگر اس سے ترجمہ کی مجموعی حیثیت میں زیادہ کمی نہیں آئی۔ ترجمہ مختصر اور معیاری ہے۔ زیادہ تر یہ کوشش کی گئی ہے کہ دوہے کی روح کو اردو ترجمہ میں سمویا جائے نہ کہ محض لفظی ترجمہ پر زور دیا جائے۔ اپنی اس کوشش میں وہ بڑی حد تک کامیاب بھی ہوئے ہیں۔ پانچوں دوہوں میں شاعر کی فکر اور کلام کی گہرائی تک پہنچنے کا جو عمل نظر آتا ہے وہ بلاشبہ عام قاری تک ہاشم شاہ کا پیغام پہنچانے میں بہت معاون ثابت ہوا ہے۔ مثلاً ہاشم شاہ کہتے ہیں:

اک بہہ کول خوشامد کر دے پر غرضی ہون کمینے
اک بے پروا نہ پاس کھڑوون پر ہوون یار نگینے
کونجاں وانگ ہزار کوہاں تے اوہناں شوق وکھو وکھ سینے
ہاشم سا جن کول ہمیشہ بھاویں وچھڑے ہوون مہینے(34)

ترجمہ: ''وہ لوگ جو اپنے لالچ میں دوسروں کی خوشامد کرتے ہیں۔ کمینے ہوتے ہیں مگر وہ لوگ سچے

موتی کی طرح ہیں جونزدیک رہ کر بھی لالچ کو قریب نہیں آنے دیتے۔ وہ دوستوں سے ہزار کوس بھی دور رہتے ہوں تو بھی ان کے دل میں دوستوں کی طلب اور تمنا رہتی ہے یوں وہ مہینوں نہ ملنے کے باوجود ایک دوسرے کے پاس رہتے ہیں۔،،(35)

اس ترجمے کو بغور دیکھیں تو مترجم نے تیسرے مصرعے میں استعمال ہونے والی تشبیہ '' کونجاں وانگ'' سے اغماض برتا ہے حالانکہ نظم کے مقابلے میں نثر میں تشبیہ کو بیان کرنا زیادہ آسان ہوتا ہے۔ زیر نظر ترجمے میں اگرچہ اس تشبیہ کا ترجمہ شامل نہیں کیا گیا مگر اس کے باوجود دوہے کا معانی ومفہوم بھرپور طریقے سے اردو نثر میں واضح ہو رہا ہے۔ ان تمام دوہوں کے تراجم میں سادگی، عام فہم انداز اور اختصار کے ساتھ شاعر کے مافی الضمیر کو بیان کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے جس کے باعث چند ایک کمیوں کے باوجود اسے اچھا اور معیاری ترجمہ کہہ سکتے ہیں۔

ہاشم شاہ پنجابی ادب کا مان ہیں۔ ان کے کلام کی گہرائی اور تاثیر انسان کو اس کی اصل پہچان دلوانے کا باعث بنتی ہے۔ لہٰذا ان کے خوبصورت کلام کے اردو تراجم کی طرف مزید توجہ کی ضرورت ہے تا کہ ان کا پیغام اردو دان طبقے تک بھی بہتر طریقے سے پہنچ کر وسعت اختیار کرے۔

حوالہ جات

1- لاجونتی رام کرشن، ڈاکٹر: پنجابی دے صوفی شاعر؛ مجلس شاہ حسین لاہور، 1966ء ص 144

2- ہاشم شاہ تھرپالوی: چہار بہار مرتبہ شرافت نوشاہی، مطبوعہ مرکز تحقیقات فارسی ایران و پاکستان بہ اشتراک ادارہ معارف نوشاہیہ، گجرات، 1984ء ص 62

3- پنجابی دے صوفی شاعر، ص 144

4- شمیم چوہدری: پنجابی ادب وتاریخ؛ کشتہ اینڈ سنز لاہور، 1962ء ص 177

5- پنجابی دے صوفی شاعر، ص 144

6- پنجابی ادب وتاریخ، 117

7- ماسٹر غلام نبی: تذکرہ ہاشمیہ؛ شاد باغ لاہور، س ن، ص 15

8- بابا بدھ سنگھ: پریم کہانی؛ پنجاب پریس لاہور، 1923ء ص

9- دیوانہ موہن سنگھ: پنجابی زبان دی مختصر تاریخ؛ گیلانی پریس لاہور، س ن، ص

10- انسائیکلوپیڈیا فیروز سنز، 1968ء ص

11- پنجابی دے صوفی شاعر،ص145
12- عصمت اللہ زاہد، ڈاکٹر: حضرت نوشہ گنج بخش حالات و آثار؛ مکتبہ نوشاہیہ سنگھوئی ضلع جہلم، ص
13- ہاشم شاہ تھرپالوی: چہار بہار مرتبہ شرافت نوشاہی، 1984ء ص14
14- الطاف گوہر، شان الحق حقی (مرتبین): خیابانِ پاک؛ ادارہ مطبوعات پاکستان کراچی، 1956
15- ہاشم شاہ: ٹُکارے؛ مرتب۔ ڈاکٹر فقیر محمد فقیر، پنجابی ادبی اکیڈمی لاہور، 1987ء ص20
16- خیابانِ پاک؛ص139
17- ہاشم شاہ: ٹُکارے؛ص20
18- شفیع عقیل: پنجاب رنگ؛ مرکزی اردو بورڈ لاہور، 1968ء ص76
19- ہاشم شاہ: ٹُکارے؛ص26
20- شفیع عقیل: پنجاب رنگ؛ص77
21- شفقت تنویر مرزا (مترجم): ہاشم شاہ منظوم اردو ترجمہ؛ لوک ورثہ کا قومی ادارہ اسلام آباد، 1979ء ص80
22- ہاشم شاہ: ٹُکارے؛ص124
23- ہاشم شاہ: ٹُکارے؛ص125
24- ہاشم شاہ منظوم اردو ترجمہ،ص138
25- ہاشم شاہ منظوم اردو ترجمہ،ص47
26- شریف کنجاہی (مترجم): پنجابی شاعری سے انتخاب؛ اکادمی ادبیات پاکستان، اسلام آباد، 1983ء
27- ایضاً ص54
28- ایضاً ص55
29- ایضاً ص49
30- ایضاً ص50
31- عصمت اللہ زاہد (مترجم): کلام صوفیاء؛ فیملی پلاننگ ایسوسی ایشن آف پاکستان، لاہور، 1993ء
32- ایضاً ص58
33- ایضاً ص59
34- ایضاً ص60
35- ایضاً ص61

Majallah Tahqiq
Research Journal of
the Faculty of Oriental Learning
Vol: 36, Sr.No.101, 2015, pp 53 - 66

مجلّہ تحقیق
مجلّہ کلیہ علوم شرقیہ
جلد ۳۶، اکتوبر۔دسمبر ۲۰۱۵ء، شمارہ ۱۰۱

ترسیم تصوف و عرفان در آئینہ تاریخ

دکتر محمد شریف☆

Abstract:

Mysticism the most brilliant of the cultural aspects of Iranian civilization. In last thousand years Islamic mysticism one of the main elements of the religious and social life of the Subcontinent and the Iranian peoples, the only change in the mystical literature, emotional manifestations and the intellectual consists of the impact individuals, but also in social behaviour and customs, they have a very contribution.

In this article have been addressing regarding the history of Subcontinent and Islamic Iranian mysticism, mystical literature, mysticism concerning the intellectual foundations of the Iranian culture, particularly customs in the great dynasties mysticism of Iran and the Subcontinent.

Silsila-e-Soherwordia, Kibriya, Qadriah, Molviah, Chishtia, Naqshbandia, NoorBakhshia, Zabiha, Nematlhia and Hamdania. The Gnostics to articulate their mystical, on an association of mystical literature and the significant contribution in promoting them intently all point of view.

Key Words: History of Islamic mysticis. Mystical Literature. The Great Dynasties Mysticism of Iran and the Subcontinent.

مقدمه:

تصوف و عرفان از درخشان ترین وجوه فرهنگی تمدن ایران و اسلام به شمار می رود،

☆ رئیس گروه فارسی، دانشگاه سرگودها، سرگودها

اما آوردن تعریف دقیق و جامع و مانعی از آن سخت دشوار،و بیان ماهیت آن تقریباً ناممکن است ۔(عبادی،۲۹)تصوف در اسلام با تزهد و تجرد و دوری گزیدن از اغراض و آمال دنیوی و پیروی از راه وروش زندگانی اصحاب پیامبر اکرمﷺ آغاز شد و در سده های سوم و چهارم قمری باظهور کسانی چون :با یزید بسطامی(م۲٦۱ق / ۸۷٤م)،ذوالنون مصری(م۲٤۵ق / ۸۵۹م)، جنید بغدادی (م۲۹۸ق/ ۹۱۰م)و حسین منصور حلاج (م۳۰۹ق/ ۹۲۱م)به تدریج ابعاد و جنبه های نظری به خود گرفت۔این ویژگی در سده های بعد رو به رشد نهاد و به صورت جریان فکری و فرهنگی دامنه داری در آمد که به تشکیل مکاتب وسلسله های مختلف منجر شد۔عرفان نه فقط در برابر زهد اهل رسوم،بلکه در مقابل علم اهل رسوم نیز قرار دارد و این از آن روست که علم اهل عرفان مبتنی بر کشف و وجدان است و اساس آن تزکیه و تصفیه نفسانی است۔(زرین کوب،۷۸۰،۷۸۲)

در واقع کمال مطلوب اهل عرفان تخلق به اخلاق الله و تجرد از ماسوای الله است؛ از همین جاست که حکمای اشراقی خود را به تصوف و مبانی عرفانی نزدیك می دیده اند و حتی بعضی از عارفان و مشایخ صوفیه مانند: بایزید بسطامی(م۲٦۱ق/ ۸۷٤م) و سهل بن عبدالله تستری (م۲۸۳ق/۸۹۵م)رادر شمار حکمای حقیقی آورده اند۔ (سهروردی،۱/ ۵۰۳)

نزد اهل تحقیق بین تصوف و عرفان رابطه عموم و خصوص وجود دارد و تصوف اعم است۔اما در عین تلازم و تقارب،در حقیقت و معنای این دولفظ نوعی تمایز هست و می توان آنها را دو گونه یا دو جنبه متمایز از یك نوع حیات دینی تلقی کرد که هر دو متضمن اعراض از متاع دنیا ومبتنی بر تزکیه نفس است،اما تصوف روی در عمل دارد و عرفان روی در علم و نظر؛و اهل خانقاه و اغلب مشایخ بزرگ جامع هر دو جنبه بوده اند۔(جامی،۱۲)

تاریخ تصوف وعرفان در مسیر تحول خویش از چند مرحله گذشته است۔این حرکت فکری ودینی در آغاز سعی داشت که با تکیه بر باطن و حقیقت امور و اعمال دینی به درون جامه راه یابد و درمیان مذاهب اسلامی جایی برای خود باز کند۔ در مرحله دیگر،در مقابله و مواجهه با مخالفتهای اهل ظاهر،ناچار بود که

برای ادامه موجودیت خود به نوعی میان طریقت و شریعت توافق و ساز گاری ایجاد کند و خود را از سوء ظن و اتهام کسانی که آن راجریانی مخالف شرع وانمود می کردند،برهاند۔آخرین مرحله این سیر ایجاد سلسله ها وتاسیس خانقاهها و پدیدآوردن آثار تعلیمی بدیع بود که میراث فرهنگی و معنوی بزرگ و ارجمندی برای جامعه اسلامی در سراسر جهان بر جای گذارد۔(بجنوردی،۱۰/ ٦۰۵)

تصوف در میان مسلمانان از دوره صحابه و سپس تابعین آغاز گردید و آنچه موجب رواج آن شد،روی گردانی از تنعم و تجملی بود که در پی فتوحات اسلامی پدید آمده بود۔ابو الحسن خرقانی (م ٤۲۵ق / ۱۰۳٤م)و ابو سعید ابو الخیر(م٤٤۰ق/۱۰٤۸م) در مجالس و حلقه های محدود،و از طریق وعظ به تعلیم و ارشاد می پرداختند و گاه نیز در فضای روحانی و شوق انگیز ذکر و سماع به تبلیغ و تلقین احوال عرفانی مشغول می شدند۔بعدها که شمار فرقه ها و مسلکهای صوفیه بیشتر شد،سلسله ها و طریقه های مختلف در خانقاهها ودرجات و مراتب خانقاهی به وجود آمد و سلسله مشایخ به صورت توالی طبقات دنبال گردید۔گذشته از اینکه صوفیه بزرگ طبقات ششگانه چون:حارث محاسبی(م۲٤۳ق/ ۸۵۷م)،با یزید بسطامی(م۲٦۱ق/ ۸۷٤م)، ابو الحسین نوری(م۲۹۵ق / ۹۰۷م)،سهل بن عبدالله تستری(م۲۸۳ق / ۸۹۵م)،ممشاد دینوری،مرتعش نیشابوری، ابو الحسن خرقانی(م ٤۲۵ق / ۱۰۳٤م)، ابو سعید ابوالخیر(م٤٤۰ق/۱۰٤۸م) ،ابو القاسم قشیری(م٤٦۵ق/ ۱۰۷۲م)، خواجه عبدالله انصاری(م٤۸۱ق/ ۱۰۸۸م)،ابو اسحاق کازرونی (م٤۲٦ق/ ۱۰۳۵م)وشیخ احمد جام (م۵۳٦ق/ ۱۱٤۱م)از ایرانیان بوده اند،سلسله های بزرگ و معروف چون:سهروردیه،کبرویه،قادریه، مولویه،چشتیه،نقشبندیه،نور بخشیه،ذهبیه و نعمت اللهیه در ایران تاسیس شده، و یا موسسان و شخصیتهای بر جسته از ایرانیان بوده اند۔

درعهد غزنویان (۳٦۷-۵۸۲ق / ۹۷۷-۱۱۸٦م)ایران سه شیخ بزرگ مانند:ابوالحسن خرقانی(م ٤۲۵ق / ۱۰۳٤م)،ابو سعید ابو الخیر(م٤٤۰ق/۱۰٤۸م) و ابو اسحاق کازرونی (م٤۲٦ق/ ۱۰۳۵م)رشد و

گسترش تصوف در اسلام به شهرت بسیار رسیدند۔ این هر سه در عصر خود از صوفیه بودند و پس از اینان با ظهور کسانی چون: خواجه عبدالله انصاری (م۴۸۱ق/ ۱۰۸۸م)، شیخ احمد غزالی(م۵۲۰ق/ ۱۱۲۵م) و عین القضات همدانی (م۵۲۵ق/ ۱۱۳۱م)تقریر و بیان لطایف و معانی صوفیانه در قالب نظم و نثر فارسی رونق و رواج گرفت؛ و این جریانی بود که با نبوغ فکری و شاعرانه کسانی مانند :سنایی غزنوی(م۵۴۵ق/ ۱۱۵۰م) ،فرید الدین عطار(مقتول به سال۶۲۷ق/ ۱۲۲۹م) و مولوی بلخی(م۶۷۲ق / ۱۲۷۳م) به اوج قوت و اعتلای خود رسید و به صورت نهضتی دامنه دار و بنیادی سراسر حیات روحی و فکری و فرهنگی جامعه را در ادوار و سده های بعد در بر گرفت۔در این میان سهم ابو حامد محمد غزالی(م۵۰۵ق / ۱۱۱۱م)،برادر شیخ احمد غزالی(م۵۲۰ق/ ۱۱۲۵م) ، در تلفیق شریعت و طریقت و سعی در نزدیك کردن دید گاهها بسیار مهم و موثر بوده است۔(بجنوردی،۱۰/ ۶۰۵)

عرفان نظری محیی الدین ابن عربی (م۶۳۸ق)نیز در افکار حکمای مکتب فارس و اصفهان وهمچنین در آراء کسانی چون :صدر الدین شیرازی و پیروان مکتب او شدیداً موثر افتاد۔حکمت اشراقی شیخ شهاب الدین سهروردی (م۶۳۲ق/ ۱۲۳۴م)با اقوال صوفیه همانندی مشهودی دارد و رسائل فارسی او بیشتر دارای رنگ و کیفیت صوفیانه است و حکمت کشفی او در حقیقت بیان نظر گاه اهل عرفان به شمار می آید۔(ابراهیمی،۱۹)

دوره ایلخانان (۶۲۸۔۷۷۱ق / ۱۲۳۰۔۱۳۷۰م) و دوره تیموریان (۷۷۱۔۹۱۱ق/۱۳۶۹۔۱۵۰۰م) را باید از دوره های مساعد برای گسترش و رونق تصوف به شمار آورد،زیرا در دوره اول برخی ایلخانان مغول و وزرای آنان ازارادتمندان مشایخ صوفیه بودندو با تقدیم هدایا و ساخت خانقاهها موجبات رشد تصوف را فراهم آوردند۔(رشیدالدین،۱۸۳)

دردوره تیموریان(۷۷۱۔۹۱۱ق/۱۳۶۹۔۱۵۰۰م) نیز نزدیکی اهل شریعت به صوفیان موجب رونق تصوف گردید۔به این ترتیب،با آنکه در دور ه مزبور گاه علمای دین نسبت به صوفیان تندی و تعصب می ورزیدند۔ در این دو دوره دو تحول مهم در تصوف ایران روی داد که یکی از آن دو گرایش فزاینده آن به

تشیع، و دیگری رونق مکتب ابن عربی برجسته بود۔

در این زمان مهم ترین طریقه های تصوف سهروردیه و کبرویه بودند که از سلسله های چهار ده گانه معروفیه به شمار می روند۔سلسله سهروردیه که به ابو نجیب ضیا الدین عبد القاهر سهروردی(م۵٦۳ق/ ۱۱٦۷م) منسوب است،در ایران مشایخ و پیروانی داشت، اما به کوشش بهاء الدین زکریا مولتانی(م٦٦۱ق) در پاکستان گسترش چشمگیری یافت۔از شخصیتهای بزرگ این سلسله در ایران باید از عزالدین محمود کاشانی (م۷۳۵ق)و کمال الدین وعبد الرزاق کاشانی(م۷۳٦ق) نام برد ،که هر دو از مریدان دو شیخ نامدار سهروردیه در ایران، یعنی نورالدین عبدالصمد بن علی نطنزی اصفهانی(م٦۹۹ق) وظهیر الدین عبدالرحمان بن نجیب الدین علی بن بز غش شیرازی(م۷۱٤ق) بودند۔(همایی،۱۳-۱٤)

سلسله کبرویه نیز به شیخ نجم الدین کبری (مقتول٦۱۸ق) منسوب است که خلفای بزرگ مانند: مجدالدین بغدادی، سیف الدین باخرزی (م٦۵۸ق / ۱۲٦۰م)را پرورد که هر یك از آنها نقش مهمی در گسترش این طریقه در نقاط گونا گون سر زمینهای اسلامی داشتند۔یکی از مبانی اعتقادی مکتب نجم الدین کبری اصل بود که در اندیشه و آثار شاگردان او،از جمله: سعد الدین حمویه (م٦۵۰ق) جایگاه مهمی داشت۔(حمویه،۹۹)

میر سید علی همدانی (م۷۸٦ق) ،عارفی کبروی از همدان بود که برای تبلیغ تصوف به شرق ماوراء النهر آمد و در نواحی ختلان و بدخشان مریدان وفاداری یافت که از آن میان باید به نور الدین جعفر بدخشی و خواجه اسحاق ختلانی(م۸۲٦ق) اشاره کرد۔همدانی از جمله: مشایخ بزرگ کبرویه بود ودر این طریقه جایگاهی بلند داشت۔وی نقش مهمی در گسترش تصوف در شبه قاره داشت وپس از او، مریدش خواجه اسحاق ختلانی(م۸۲٦ق)به خلافت رسید۔خواجه اسحاق یکی از مریدان خود به نام سید نور بخش(م۸٦۹ق) را به جانشینی بر گزید۔ سید محمد نور بخش شاخه نور بخشیه کبرویه را در ایران به وجود آوردند که باگرایشهای شیعی خود،نقش مهمی در گسترش تشیع در ایران داشتند۔(زرین کوب،۱۸۳)

سلسله همدانیه نیز به میر سید علی همدانی منسوب است۔وی توسط شیخ

محمود نظام الدین مزدقانی، از مریدان علاء الدوله سمنانی به سلسله کبرویه وارد شد و پس از استقرار در کشمیر سلسله کبرویه را در آنجا رواج داد۔گفته اند که در نتیجه کوششهای او گروه بسیار از مردم آن نواحی مسلمان شدند۔وی همچنین در زمینه عرفان و تصوف آثار بسیاری به فارسی و عربی دارد،و از این رو،از مروجان زبان فارسی در کشمیر نیزبه شمار می آید۔همدانی مساجد و خانقاهی در کشمیر بنا نهاد و کتابخانه ای نیز تاسیس کرد۔(ریاض محمد،٤٨،٥٠)

سلسله های مهم صوفیه که در عصر تیموریان(٧٧١-٩١١ق/١٣٦٩-١٥٠٠م) به ظهور رسید،سلسله نقشبندیه،منسوب به بهاء الدین نقشبند(م٧١٩ق) است که نخست درماوراء النهر گسترش یافت ودر دوره های بعد در خراسان و دیگر سرزمینهای اسلامی نیز پیروان بسیار پیدا کرد۔خواجه محمد پارسا(م٨٢٢ق)،عبید الله احرار(م٨٩٥ق /١٤٨٩م) و عبد الرحمان جامی(م٨٩٨ق/ ١٤٩٢م) از عارفان نامدار این سلسله به شمار می روند۔

در دوره صفویه(٩٠٧-١١٤٨ق/ ١٥٠٢-١٧٣٦م) واژه (صوفی)معنای ناپسند و مذمومی یافت،چندان که نویسندگان آن دوره به تدریج از کار برد آن پرهیز کردند و واژه (عرفان)را به جای آن به کار بردند، زیرا عرفان۔که چیزی جز حقیقت تصوف نیست۔در دوره مزبور گرچه تصوف رسمی و خانقاهی بسیار تضعیف شد و رو به افول نهاد،اما جست و جوی عرفانی وسلوك معنوی،خواه در قالب رابطه پیر ومرید،در طریقه هایی که زندگی محتاطانه و سر کوب شده ای داشتند،و خواه در قالب گرایش فیلسوفان و حکیمان به مبانی عرفانی و میراث حکمی صوفیه و پرداختن به آن،یا گرایش فقیهان و متشرعان به زهد و عزلت گزینی،به حیات خود ادامه داد۔(ریاض محمد،٢٤٤)

در دوره های افشاریه(١١٤٨-١١٦١ق / ١٧٣٥-١٧٤٧م) و زندیه(١١٦٣-١٢٠٩ق / ١٧٤٩-١٧٩٥م)،تصوف همچنان گرفتار همان فشارها و سر کوبها بود۔ علما وفقها همچنان سرسختانه با تصوف مخالفت می کردند و توده مردم را نیز به دشمنی با صوفیان بر می انگیختند۔(معصوم علیشاه،٣/ ٧١)شایان ذکر است که علاوه بر طریقه های رسمی تصوف، گروههای دیگری نیز وجود داشته اند که باید آنها را از اهل عرفان وسلوك ،به

ویژه وابستگان به مکتب محیی الدین ابن عربی(م۶۳۸ق) دانست۔تصوف هم زمان با اسلام به آ سیای صغیر وارد شد۔ آسیای صغیر از نظر تاریخی و اجتماعی جایگاه مناسبی بود که در آن میراث تصوف آسیای مرکزی، ایرانی و عربی به حیات خود ادامه داد،با عناصر فرهنگی درآمیخت،و در قالب تصوف ترکان آسیای صغیر،از دیگر سرزمینهای اسلامی متمایز گردید۔

تصوفی که به زبانهای معتبر فارسی و عربی بیان می شد ومهمترین نمایندگان چون :جلال الدین رومی و محیی الدین ابن عربی (م۶۳۸ق)بودند،در آن رشد کند۔این گونه از تصوف از نظر مبانی فکری،از یك سو با فرهنگ ایرانی که در آثار صوفیانی چون :نجم الدین کبری (م۶۱۸ق/ ۱۲۲۰م)،مولاناوبهاء الدین سلطان ولد(م۷۱۲ق) نمود یافته است،و از سوی دیگر،با اندیشه محیی الدین ابن عربی متمایز می گردد۔از نظر عملی نیز این جنبه از تصوف دارای آداب و آیینهای ثابت بود۔سلسله های نقشبندیه ومولویه راکه به تدریج در آسیای صغیر گسترش یافتند،می توان ازاین جمله به شمار آورد۔(شاملی،۵۱)

خواجه معین الدین سجزی چشتی (م۶۳۳ق/ ۱۲۳۵م)درباره چشتیه به تبلیغ سلسله در منطقه فرغانه در سال۵۹۹ق باز می گردد۔از مریدان وی قطب الدین بختیار کاکی(م۶۳۴ق/ ۱۲۳۶م) از مردم اوش را می شناسیم که دیری در موطنش نماند و به هند مهاجرت کرد۔(لعلی بدخشی،۱۸۳)

از سده هفتم قمری به بعد،ارتباط نزدیکی میان پیروان چشتیه در شرق ماوراء النهر و حتی سمرقند و بخارا،با محافل تعلیمی چشتیه در هند وجود داشته است،از رجال معروف این سلسله در هند مانند:قطب الدین بختیار کاکی و خواجه بدرالدین محمود خجندی از خلفای خواجه معین الدین چشتی،نظام الدین محمد بخاری مشهور به نظام الدین اولیاء(م۷۲۵ق/ ۱۳۲۵م) و خواجه کریم الدین سمرقندی،خاستگاهی ماوراء النهری داشتند۔(لعلی بدخشی،۱۷۷)

عبدالقادر گیلانی(م۵۶۱ق / ۱۱۶۶م)تعلیم درخصوص قادریه از طریق بازرگانانی که به ماوراء النهر بویژه به منطقه آمد و شد داشتند،تبلیغ شده است

شبه قاره هند:فاتحان عربی که در سده های نخست هجری به هند راه یافتند،به سختی توانستند اسلام را از وادی سند فراتر ببرند۔اززمان غزنویان به بعد بود که

